★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 22 شعبان المعظم 1446ھ، 21 فروری 2025ء، 9 پھاگن 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 120

وزیراعلیٰ نے پنجاڈویلپمنٹ پروگرام کی منظوری دیدی

شہروں میں سیوریج کے مسائل کے موثر حل کیلئے سیوریج بائی پاس پائپ لائن بچھائی جائیگی اور نئے ڈسپوزل سٹیشن بھی بنیں گے، دیرپا اور محفوظ سیوریج سسٹم بنانے سے روڈز ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ رہیں گے: مریم نواز

لاہور (سمیعہ فیاض) پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ تمام بڑے شہروں میں سیوریج اور نکاسی آب کا نیا سسٹم رائج کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب کے بڑے شہروں میں سیوریج اور نکاسی آب کیلئے سیوریج اور ڈرینج سسٹم کے میگا پلان کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام نافذ کرنے کی منظوری بھی دی گئی، جس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

چین کا پاکستان کی آزادانہ صلاحیتوں کو بڑھانے میں مدد کرنے کا اعلان

چینی اور پاکستانی صدور کے مابین ملاقات نے باہمی تعلقات کو نئی تحریک دی، چینی وزیر خارجہ کی پاکستانی ہم منصب سے گفتگو

پاکستان عالمی ایجنڈے میں چین کی قیادت کو سراہتا ہے اور چین کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا اور ایک دوسرے کی حمایت جاری رکھے گا، اسحاق ڈار

نیویارک (یو این پی) چین کے وزیر خارجہ وانگ ای نے نیویارک میں اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں پاکستانی نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ جمعرات کے روز میڈیا رپورٹس کے مطابق وانگ ای نے کہا کہ چین اور پاکستان ہمہ موسمی اسٹر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6) تعاون پر مبنی شراکت

جب کسی کے پاس کہنے کو کچھ نہ ہو تو پھر گالی ہی رہ جاتی ہے، عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ایک سال میں کامیابی کے جھنڈے گاڑھے، تمام صوبوں کو پیغام ہے خدمت کی سیاست میں مقابلہ کریں، وزیر اطلاعات پنجاب

اب عوام کو گالم گلوچ، بدتمیزی، جلاؤ گھراؤ اور وفاق پر یلغار نہیں چاہیے، جو نام نہاد صحافی اور تجزیہ کار کہتے تھے (ن) لیگ ختم ہوگئی ہے وہ آج کہتے ہیں ہمارے جلسے ناکام ہیں

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ کہا جاتا ہے پہلے سال میں حکومتیں کام نہیں کر پاتیں مگر مسلم لیگ (ن) نے ایک سال میں وفاق اور پنجاب میں کامیابی کے جھنڈے گاڑھے ہیں، پنجاب حکومت نے پہلے ہی سال میں ڈلیور کر کے دکھایا ہے، تمام صوبوں کو پیغام ہے خدمت کی سیاست میں ہمارا مقابلہ کریں۔ جب کسی کے پاس کہنے کو کچھ نہ ہو تو پھر بس گالی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کی ڈی ریگولیشن پر کام کر رہے ہیں، وزیر پیٹرولیم

وزیراعظم نے اداروں کی رائٹ سائزنگ کے لیے کمیٹی تشکیل دے رکھی ہے، تمام غیر ضروری ریگولیشن کو ختم کرینگے، اس سلسلے میں وزیراعظم کی اس حوالے سے واضح ہدایات آچکی ہیں

خاص سیاسی ٹولے نے ملک کو ٹارگٹ کرنے کی پالیسی بنا رکھی ہے، کون کہتا ہے آئی ایم ایف پیسے نہ دے گا تو ملک دیوالیہ ہوجائے گا؟، وفاقی وزیر مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ ملک کے توانائی کے شعبے میں تبدیلی لا رہے ہیں، پیٹرولیم مصنوعات کی ڈی ریگولیشن پر کام کر رہے ہیں اور تمام غیر ضروری ریگولیشن کو ختم کریں گے۔ او جی ڈی سی ایل میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا کہ وزیراعظم نے اداروں کی رائٹ سائزنگ کے لیے کمیٹی تشکیل دے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

سوشل میڈیا پر مہم چلانے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، آرمی چیف کے خلاف

وزیر اطلاعات

آرمی چیف کے دورہ برطانیہ کے دوران آرمی چیف کو لندن میں ملنے والی عزت سے پاکستان کے وقار میں اضافہ ہوا اور یہ پی ٹی آئی کو ہضم نہیں ہو رہا، پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی پوری دنیا معترف ہے

لوگوں نے احتجاج بھی کیا، تاہم محبِ وطن پاکستانیوں نے شرپسند عناصر کی اس مہم کو مسترد کر دیا ہے، جو کوئی بھی پاکستان کی سلامتی، بقا اور مفاد کو نقصان پہنچائے گا اس کے لئے قانون موجود ہے: عطاء تارڑ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ نے کہا ہے کہ برطانیہ میں چیف آف آرمی اسٹاف کو ملنے والی عزت اور وقار تحریک انصاف کو ہضم نہیں ہوا، احتجاج اور سوشل میڈیا پر مہم چلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری، وزیر بلدیات ڈیشان رفیق ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آئی ایم ایف سے کلائمیٹ فنڈ کی مد میں ایک ارب ڈالر ملنے کی امید ہے، وزیر خزانہ

بات چیت کے لیے آئی ایم ایف کا وفد 24 فروری کو پاکستان آئے گا، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) سے کلائمیٹ فنڈ کی مد میں ایک ارب ڈالر ملنے کی امید ہے، کلائمیٹ فنڈ پر بات چیت کے لیے آئی ایم ایف کا وفد 24 فروری کو پاکستان آئے گا۔ صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو ہوئے وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

39 لاکھ لوگوں کیلئے وزیراعظم رمضان ریلیف پیکیج کا شارٹ کوڈ 9999 ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم رمضان ریلیف پیکیج کے لیے شارٹ کوڈ 9999 استعمال کیا جائیگا، وزیراعظم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

سوشل میڈیا پر مہم چلانے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، آرمی چیف کے خلاف

وزیر اطلاعات



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

علی امین گنڈاپور نے مریم نواز کو براہ راست چیلنجز دیدیے

مریم نواز اپنے صوبے کے لوگوں کو خیبر پختونخوا جیسی بے مثال سہولیات دیں، وزیراعلیٰ کے پی کے

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو براہ راست چیلنجز دے دیے۔ علی امین گنڈاپور نے خیبر پختونخوا کے طلبہ کے لیے اہم فیصلہ کرتے ہوئے انہیں مفت لیپ ٹاپ دینے کا اعلان کیا اور کہا کہ پنجاب کے جتنے فیصد طلبہ کو لیپ ٹاپ دیے جا رہے ہیں ہم بھی اتنے فیصد طلبہ کو مفت لیپ ٹاپ دیں گے اسی طرح وزیراعلیٰ پنجاب، کے پی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

آرمی چیف کے دورہ برطانیہ کے دوران آرمی چیف کو لندن میں ملنے والی عزت سے پاکستان کے وقار میں اضافہ ہوا اور یہ پی ٹی آئی کو ہضم نہیں ہو رہا، پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی پوری دنیا معترف ہے

لوگوں نے احتجاج بھی کیا، تاہم محبِ وطن پاکستانیوں نے شرپسند عناصر کی اس مہم کو مسترد کر دیا ہے، جو کوئی بھی پاکستان کی سلامتی، بقا اور مفاد کو نقصان پہنچائے گا اس کے لئے قانون موجود ہے: عطاء تارڑ

اسلام آباد کے 5 ججز سنیارٹی تنازع پر سپریم کورٹ میں درخواست دائر کردی

مفاد عامہ کے بغیر ججز کو ایک ہائیکورٹ سے دوسری ہائیکورٹ ٹرانسفر نہیں کیا جاسکتا، ٹرانسفر نوٹیفکیشن، سینارٹی لسٹ اور ریپریزنٹیشن پر دیا گیا فیصلہ آرٹیکل 200 کی شق ایک کے خلاف ہے: استدعا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ کے 5 ججز نے سینارٹی کیخلاف درخواست دائر کردی۔ منیر اے ملک اور بیرسٹر صلاح الدین کے ذریعے 49 صفحات پر مشتمل درخواست آرٹیکل 184 کی شق 3 کے تحت دائر کی گئی ہے۔ سپریم کورٹ میں دائر درخواست میں استدعا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور: وزیراطلاعات عظمیٰ بخاری، وزیر بلدیات ڈیشان رفیق ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بارکھان میں 7 مسافروں کا قتل، مقدمہ نامعلوم افراد کیخلاف درج

مقدمے میں قتل اور انسداد دہشت گردی کی دفعات درج شامل ہیں، پولیس حکام

بارکھان (یو این پی) بلوچستان کے ضلع بارکھان میں بس سے اتار کر سات مسافروں کو قتل کرنے کا مقدمہ ایس ایچ او سی ٹی ڈی لورالائی کی مدعیت میں نامعلوم افراد کے خلاف درج کرلیا گیا، مقدمے میں قتل اور انسداد دہشت گردی کی دفعات درج شامل ہیں۔ پولیس حکام کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

حکومت عوام کو ریلیف دینے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے: سید علی موسیٰ گیلانی

یوٹیلٹی سٹورز کے تین ہزار سے زائد ڈیلی ویجز ملازمین کی برطرفی ہرگز قبول نہیں، رہنما پیپلز پارٹی

فیصل آباد (یو این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم این اے سید علی موسیٰ گیلانی نے فیصل آباد میں پیپلز پارٹی کی ٹکٹ ہولڈر سدرہ سعید بندیشہ کے ڈیرے پر پریس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کیلئے اجلاس 28 فروری کو ہوگا

اجلاس کی صدارت مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی کے چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے، نوٹیفکیشن جاری

پشاور (یو این پی) رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کے لیے مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی کا اجلاس 28 فروری کو پشاور میں ہوگا۔ اس حوالے سے وزارت مذہبی امور نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کتاب میلے میں سٹالز کا دورہ کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ بار کے سالانہ انتخابات کل ہفتہ کو ہوں گے

لاہور ہائیکورٹ بار کے سالانہ انتخابات بائیومیٹرک سسٹم کے تحت ہوں گے

لاہور (یو این پی) لاہور ہائیکورٹ بار کے سالانہ انتخابات کل ہفتہ کو انتخابی میدان سجے گا۔ لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے الیکشن میں صدارت کیلئے ملک آصف نسوانہ اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

سعودیہ، مالدیپ، سمیت 5 ملکوں سے مزید 17 پاکستانی ڈی پورٹ

سعودیہ سے بلیک لسٹ 4، زائد المیعاد قیام پر 1 اور بغیر پاسپورٹ 2 پاکستانی بے دخل کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) سعودیہ، مالدیپ اور متحدہ عرب امارات سمیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



کراچی: ترجمان سندھ حکومت سیدہ تحسین عابدی کو ایرانی قونصلر جنرل شیلڈ پیش کر رہے ہیں

حکومت کا مہنگائی کم ہونے کا دعویٰ سیاہ جھوٹ ہے، لیاقت بلوچ کا بیان جاری

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت کا مہنگائی کم ہونے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)



لاہور: صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کتاب میلے میں سٹالز کا دورہ کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ بار کے سالانہ انتخابات کل ہفتہ کو ہوں گے

لاہور ہائیکورٹ بار کے سالانہ انتخابات بائیومیٹرک سسٹم کے تحت ہوں گے

لاہور (یو این پی) لاہور ہائیکورٹ بار کے سالانہ انتخابات کل ہفتہ کو انتخابی میدان سجے گا۔ لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے الیکشن میں صدارت کیلئے ملک آصف نسوانہ اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

سعودیہ، مالدیپ، سمیت 5 ملکوں سے مزید 17 پاکستانی ڈی پورٹ

سعودیہ سے بلیک لسٹ 4، زائد المیعاد قیام پر 1 اور بغیر پاسپورٹ 2 پاکستانی بے دخل کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) سعودیہ، مالدیپ اور متحدہ عرب امارات سمیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

حکومت کا مہنگائی کم ہونے کا دعویٰ سیاہ جھوٹ ہے، لیاقت بلوچ کا بیان جاری

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت کا مہنگائی کم ہونے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

لاہور: وزیراعظم ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین اپنی چھت اپنا گھر پروگرام ہارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان سے ملاقات کیلئے آئے پی ٹی آئی رہنماؤں کو اجازت نہ مل سکی

بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کے لیے 12 افراد کی فہرست جیل حکام کو دی گئی تھی تاہم جیل حکام نے ملاقات کرانے سے انکار کر دیا

ملاقات نہیں کروائی گئی تو توہین عدالت کے لیے رجوع کریں گے، جیل والے کوئی عدالتی حکم نہیں مانتے: صوبائی وزیر کے پی سہیل آفریدی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کے لیے 12 افراد کی فہرست جیل حکام کو دی گئی تھی تاہم وقت ختم ہونے پر جیل حکام نے انکار کر دیا۔ ملاقاتیوں میں سلمان اکرم راجہ، فیصل چوہدری، تیمور سلیم جگڑا، سہیل آفریدی، مصدق عباسی، حلیم عادل شیخ، سمیابہ طاہر اور دیگر شامل ہیں۔ صوبائی وزیر کے پی سہیل آفریدی، سمیابہ طاہر، معاون خصوصی کے پی حکومت مصدق عباسی اور جنید اکبر، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ایس آئی ایف سی کے تحت زرعی شعبے کی خوشحالی کے لیے اہم پیشرفت

بیلاروس کی جانب سے ہیوی ڈیوٹی ٹریکٹرز پاکستان کے حوالے کر دیئے گئے

لاہور (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے جی پی آئی کے تحت زرعی شعبے کی خوشحالی کے لیے اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ ملک کے زرعی شعبے کے استحکام کے لیے بیلاروس کی جانب سے ہیوی ڈیوٹی ٹریکٹرز پاکستان کے حوالے کر دیے گئے۔ بیلاروس ٹریکٹرز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



لاہور: صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب اعجاز انور چوہان صوبائی ووٹر ایجوکیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحت کے شعبہ میں بھی ستارہ کے پراجیکٹس

انتہائی خوش آئند ہیں، خواجہ سلمان رفیق

مکوآنہ (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے میڈیکل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

سعودی ولی عہد کو فون پر مذاکرات میں

کردار پر شکریہ ادا کروں گا، پوتین

ماسکو (این این آئی) ماسکو اور واشنگٹن کے درمیان ریاض مذاکرات کے نتیجے میں ہونے والے سیاسی تعامل کے تناظر میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

فلسطینی قیدیوں پر جیلوں میں تشدد، پانچ

فوجیوں پر جنگی جرائم کا مقدمہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے اپنے پانچ ریزرو فوجیوں کے خلاف جنگی قوانین کی خلاف ورزی کا مقدمہ شروع کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

حسن نصر اللہ کے جنازے میں شرکت، یمنی

وزیر کا حوثی اہلکاروں کی گرفتاری کا مطالبہ

صنعاء (این این آئی) یمن کے وزیر اطلاعات معمر الارياني نے یمن کے ایران سے منسلک حوثی رہنماؤں کے ایک گروپ کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے جن کے بارے میں انہوں نے کہا ہے کہ وہ بیروت میں لبنانی حزب اللہ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش، سردی میں اضافہ

مری سمیت دیگر پہاڑی مقامات پر وقفے وقفے سے برفباری کا امکان ہے

اسلام آباد، لاہور، فیصل آباد (این این آئی) اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، گجرات، حافظ آباد سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش کے بعد سردی میں اضافہ ہوگیا۔ پشاور سمیت خیبر پختون خوا کے مختلف علاقوں میں بھی بادل برسے ہیں، کوہ سفید پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال پنجاب اسٹیڈیم میں انتظامی امور بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

9 مئی کے 13 مقدمات کے چالان عدالت میں پیش

راولپنڈی (این این آئی) 9 مئی سے متعلق 13 مقدمات کے چالان انسداد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

خواتین مردوں کے مقابلے میں زیادہ ہراسگی کا شکار ہوتی ہیں، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ خواتین مردوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان اختر سعید ڈینٹل کالج کے کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

حکومتی طرف سے عمران خان کو کوئی آفر نہیں کی گئی، زانا ثناء

جمہوریت میں ڈائیلاگ سے ہی مسائل حل ہوتے ہیں، ڈیل، رہائی یا کیسز ختم کرنے کی کوئی بات نہیں ہوئی، انٹرویو

بانی پی ٹی آئی کہہ چکے کہ وہ اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کے لیے تیار ہیں، وہ اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنا چاہتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ حکومت کی طرف سے بانی پی ٹی آئی کو کوئی آفر نہیں کی گئی۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کہہ چکے کہ وہ اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کے لیے تیار ہیں، وہ اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنا چاہتے ہیں، این آر او اور ریلیف لینا چاہتے ہیں۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو کس نے آفر کی؟ آج تک وہ نام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

اسلامی نظریاتی کونسل نے صدقہ فطر وفدیہ صوم کا نصاب جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل نے صدقہ فطر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

موٹروے ایم 4 پر مسافر بس ٹرالر سے ٹکرا گئی، دو افراد جاں بحق

لاہور (این این آئی) موٹروے ایم 4 پر ملتان کے قریب مسافر بس آگے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

صارفین کے لیے خوش خبری، بجلی کی قیمت میں کمی کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) صارفین کے لیے بجلی کی قیمت میں کمی کا امکان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

ملک بھر میں یوم للکار 27 فروری کو منایا جائے گا

پاکستانی انواج نے 2019ء میں دنیا کو دکھا دیا کہ پاکستان اپنے دشمنوں کو کس طرح سرپرائز دیتا ہے

مکوآنہ (این این آئی) ملک بھر میں یوم للکار 27 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے ملک بھر میں منعقدہ تقریبات میں پاک فضائیہ کے شاہینوں کو خراج تحسین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام تین روزہ کتاب میلے کے پہلے دن طالبات کتابیں خرید رہی ہیں

ہم رکنے والے نہیں، ملک گیر تحریک شروع کریں گے، سلمان اکرم راجہ

علی امین گنڈاپور کو پارٹی عہدے سے ہٹانا اچھا فیصلہ ہے، فیصلے سے پارٹی زیادہ متحرک ہوئی ہے، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی

پارٹی کے کچھ اکابرین سے ملنے پشاور آیا ہوں، رمضان کے مہینے میں کچھ سرگرمیاں ہیں رمضان کے بعد بھی آپشن موجود ہے

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ ملک گیر تحریک شروع کریں گے، ہم رکنے والے نہیں ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم جمہوریت کے لیے تاریخی جدوجہد کر رہے ہیں، پارٹی کے کچھ اکابرین سے ملنے پشاور آیا ہوں، رمضان کا مہینہ آرہا ہے، لیکن کچھ سرگرمیاں ہیں۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ آئین کی بالادستی کے لئے ہم آواز اٹھائیں گے، قوم کو اکٹھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: معاون خصوصی سلمیٰ بٹ اور سیکرٹری پرائس کنٹرول محمد اجمل بھٹی رمضان نگہبان پیکیج بارے بریفنگ لے رہے ہیں

سعودی قائدین میرے لئے انتہائی خاص ہیں، ٹرمپ

فیوچر سعودی انویسٹمنٹ انیشی ایٹو میں شرکت باعث اعزاز ہے، خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ سعودیوں کا ہمارے نزدیک خاص مقام ہے اور وہ سینئر قائدین کی حیثیت رکھتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

پاکستان اور قطر کا انسداد منشیات بارے باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیر داخلہ سے قطر کے سفیر کی ملاقات، قید پاکستانی شہریوں کی رہائی کیلئے بھی بات چیت کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور قطر کے مابین انسداد منشیات بارے باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے قطر کے سفیر علی مبارک علی عیسیٰ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال پنجاب اسٹیڈیم میں انتظامی امور بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریسکیو الخدمت	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786



لاہور: وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری اور وزیر بلدیات ڈیشان رفیق ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تمام صوبوں کو پیغام ہے خدمت کی سیاست میں ہمارا مقابلہ کریں: عظمیٰ بخاری

جب کسی کے پاس کہنے کو کچھ نہ ہو تو پھر گالی ہی رہ جاتی ہے: عظمیٰ بخاری

اب عوام کو گالم گلوچ، بدتمیزی، جلاؤ گھراؤ اور وفاق پر یلغار نہیں چاہئے: وزیر اطلاعات

جونام نہاد صحافی اور تجزیہ کار کہتے تھے ن لیگ ختم ہوگئی ہے وہ آج کہتے ہیں ہمارے جلسے ناکام ہیں: عظمیٰ بخاری

کچھ لوگ ایک کروڑ نوکریوں کا جھوٹا دعویٰ کرتے تھے، پنجاب میں اب تک 91 ہزار سے زائد لوگوں کو نوکریاں دی جا چکی ہیں: ڈیشان رفیق

پنجاب کی طرح دوسرے صوبوں کے عوام کیلئے بھی منصوبے ہونے چاہیے

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جہاں ہمارے پہلے سال میں سکھنیس کام نہیں کر پاتے مگر مسلم لیگ ن نے ایک سال میں وفاق اور پنجاب کا میاں کے جھنڈے گاڑے ہیں، پنجاب حکومت نے پہلے ہی سال میں ڈیلور کر کے دکھایا ہے، تمام صوبوں کو پیغام ہے خدمت کی سیاست میں ہمارا مقابلہ کریں۔ جب کسی کے پاس کہنے کو کچھ نہ ہو تو پھر بس گالی ہی رہ جاتی ہے۔ پنجاب کی طرح دوسرے صوبوں کے لوگوں کیلئے بھی منصوبے ہونے چاہیے۔ جو نام نہاد صحافی اور تجزیہ کار کہتے تھے ن لیگ ختم ہوگئی ہے وہ آج کہتے ہیں ہمارے جلسے ناکام ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر بلدیات پنجاب ڈیشان رفیق کے ہمراہ ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت پنجاب کے ایک سال کی کارکردگی تاریخی کامیابیوں اور عوامی خدمت کا عہد نامہ ہیں۔ فروری کی مہینہ مگی تاریخ میں اہمیت کا حامل ہے۔ 8 فروری کے انتخابات کے بعد ملک دیوالیہ ہونے کے دہانے پر تھا لیکن 26 فروری کو مریم نواز نے بطور وزیر اعلیٰ حلف اٹھا کر پنجاب کو استحکام دیا۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے ایک سال میں جو محنتیں اور کامیابیاں سمیٹی ہیں، ان کی کوئی مثال نہیں ہے۔ نام نہاد صحافی اور تجزیہ کار کہتے تھے ن لیگ ختم ہوگئی ہے وہ آج کہتے ہیں ہمارے جلسے ناکام ہیں۔ ان کو پنجاب کے عوام کے سامنے آئینہ دیکھنا چاہیے۔ جو صحافی اور تجزیہ کار کہتے تھے کہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 21 فروری 2025ء

ایم ڈی واسا عامر عزیز کا بارش کے دوران شہر کا ہنگامی دورہ

آپریشنز افسران، سٹاف کو بارشی پانی کی نکاسی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) مینیجنگ ڈائریکٹر واسا عامر عزیز نے بارش کے دوران شہر کے مختلف علاقوں کا ہنگامی وزٹ کیا اور آپریشنز افسران، سٹاف کو بارشی پانی کی نکاسی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی۔ واضح رہے کہ گذشتہ رات شروع ہونیوالے بارش میں اب تک سب سے زیادہ غلام محمد آباد میں 61 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی جبکہ مدینہ ٹاؤن میں 52 ملی میٹر، گلستان کالونی میں 37 ملی میٹر، ڈوگر بستی میں 28 ملیٹر جبکہ علامہ اقبال کالونی میں 23 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ اس ضمن میں ایم ڈی واسا نے کہا کہ بارش کے پانی کی نکاسی کیلئے آپریشنز سٹاف فیلڈ میں متحرک رہا جبکہ تمام مشینری بروقت آپریشنل کر دی گئی جس کے بعد بارشی پانی کی نکاسی مختصر وقت میں مکمل کر لی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام مرکزی چوراہوں، روڈز اور سڑکوں سے پانی کی نکاسی مکمل کر کے کلیئر کر دیا گیا ہے جبکہ پونڈنگ پوائنٹس پر سٹاف مشینری کے ساتھ نکاسی آب کے لئے مصروف عمل ہے جبکہ محلوں، گلیوں میں سیوریج کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ ایم ڈی واسا نے واضح کیا کہ واسا کی فری ہیلپ لائن نمبر 1334 چوبیس گھنٹے فعال ہے اور شہری اپنی سیوریج سے متعلق شکایات اس پر درج کروا سکتے ہیں۔

جہلم ناقص غیر معیاری مضر صحت اجزاء سے تیار فاسٹ فوڈز، پنجاب فوڈ اتھارٹی کی پہنچ سے باہر

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ناقص غیر معیاری مضر صحت اجزاء سے تیار فاسٹ فوڈز، پنجاب فوڈ اتھارٹی کی پہنچ سے باہر، شہریوں کو بیماریوں کے تحفے دینے کر ہسپتال پہنچانے کا موجب بننے میں پہلے نمبروں پر، شہر اور قرب وجوار کے علاقوں میں فاسٹ فوڈ پوائنٹس شہریوں کو مضر صحت اجزاء سے تیار برگر، شوارما پکوڑے سموسے کھلانے میں مصروف شہری معدہ آنتوں اور جگر کی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے پنجاب فوڈ اتھارٹی سمیت۔ متعلقہ محکمے کے زمہ داران نے چپ سادہ لی عوامی سماجی حلقوں کا صورتحال کا نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر اور گردونواح سمیت مضافاتی علاقوں میں فاسٹ فوڈ پوائنٹس شہریوں میں بیماریاں بانٹنے کا موجب بننے لگے۔ شہر میں شوارما پوائنٹس مضر صحت مایونیز، انتہائی ناقص وغیر معیاری گھٹیا میٹریل استعمال کر کے فاسٹ فوڈ زتیار کرتے ہیں۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

شہباز احمد کڑھائی والے کے بھائی حاجی یاسین کے ایصال ثواب کیلئے محفل کا انعقاد

مرنے کے بعد ایصال ثواب کی صورت میں نیکیاں بڑھتی رہتی ہیں: مفتی شہباز رسول سعیدی



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سیاسی وسماجی شخصیت شہباز احمد کڑھائی والے کے بھائی حاجی محمد یاسین مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے محفل ایصال ثواب کا انعقاد کیا گیا جس میں مذہبی سکالر مفتی شہباز رسول سعیدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرنے کے بعد ایصال ثواب کی صورت میں انسان کے اعمال کا سلسلہ بڑھتا رہتا ہے بخشش اور مغفرت کیلئے کی گئی دعائیں مرنے والے کیلئے ذریعہ نجات بنتی ہیں اللہ تعالی نے اپنے بندے پر ہمیشہ احسانات کیے ہیں اس کی وسیع رحمت کا سلسلہ جاری رہتا ہے قاری ندیم فریدی نے قرآن مجید کی تلاوت اور محمد حسین نے نعت شریف پڑھنے کی سعادت حاصل کی اس موقع پر سرپرست اعلی امن کمیٹی چوہدری سخاوت علی ڈگرا چوہدری غلام عباس گجر حاجی محمد اشفاق محمد رفیق سیکرٹری سیٹھ محمد سعید صوفی محفوظ احمد سمیت معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کی جانب سے چالان نہیں لائسنس مہم کا آغاز

موٹر سائیکل سواروں کو بلا لائسنس ڈرائیونگ کرنے پر چالان کی بجائے ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے جائیں گے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کی جانب سے چالان نہیں، لائسنس مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ ٹریفک پولیس گوجرانوالہ اس مہم کے تحت بلا لائسنس موٹر سائیکل سواروں کو چالان کرنے کی بجائے ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے جائیں گے۔ اس بابت باقاعدہ ڈی ایس پی لائسنسنگ، سرکل افسران اور سیکٹر انچارجز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ضلع بھر میں مجموعی طور پر 17 مراکز قائم ہیں، جہاں سے شہری مستفید ہو سکتے ہیں۔ شہر کی مصروف ترین شاہراہوں اور سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو اس مہم بابت باقاعدہ آگاہی دی جا رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تمام تعلیمی اداروں یونیورسٹیز اور کالجز میں انتظامیہ کے تعاون سے طلباء کو ڈرائیونگ لائسنس اور ہیلمٹ کی افادیت بارے آگاہی دی جا رہی ہے۔ آئندہ ایام میں تعلیمی اداروں میں آؤٹ ریچ ٹیم کے ذریعے اداروں میں ہی ڈرائیونگ لائسنس کی سہولت مہیا کی جائے گی۔ سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا کہنا تھا کہ اس مہم کا مقصد شہریوں کو ٹریفک قوانین بارے آگاہی دینا ہے۔ اس مہم کے بعد ٹریفک خلاف ورزیوں جیسے بغیر ہیلمٹ، بغیر ڈرائیونگ لائسنس، ون وے کی خلاف ورزی اور کم عمر ڈرائیورز کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انتہائی آسان طریقہ کار کے تحت موٹر سائیکل کے ڈرائیونگ لائسنس کی مد میں اب تک ہزاروں ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے جا چکے ہیں۔ شہریوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ ٹریفک قوانین پر عمل کرتے ہوئے اس مہم میں ٹریفک پولیس کا ساتھ دیں۔

نادرا کا عملہ عوام کیلئے مصیبت بن گیا، لوگوں کو لائنوں میں لگا کر دو دو گھنٹے سیٹ سے غائب رہنا معمول بنا لیا

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ فیصل خاں) نادرا کا عملہ عوام کیلئے مصیبت بن گیا، لوگوں کو لائنوں میں لگا کر دو دو گھنٹے سیٹ سے غائب رہنا معمول بنا لیا۔ تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد للیانی میں شناختی کارڈ اور ب فارم کے حصول کیلئے آنے والے شہریوں کیلئے نادرا کا عملہ دردسر بن گیا۔ پہلے تو مردوں اور خواتین کی لمبی لمبی لائنیں لگوالی جاتی ہے اس کے بعد عملہ اپنی سیٹوں سے اٹھ کر اپنے کاموں میں مصروف ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے مصطفی آباد اور اس کے گردونواح سے حصول شناختی کارڈ اور ب فارم کے لیے آنے والے شہریوں کو خواری اور کوفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگر عملہ کے کسی رکن کو اس بارے پوچھا جائے تو سائلین کے ساتھ انتہائی برا سلوک اور بدتمیزی کی جاتی ہے۔ شہریوں نے ڈائریکٹر نادرا سے درخواست کی ہے کہ اس بات کا فوری نوٹس لیا جائے اور مصطفی آباد کے عملہ کو پابند کیا جائے کہ سائلین سے تمیز اور عزت سے پیش آئیں اور اپنی سیٹوں پر رہ کر شہریوں کو سہولیات فراہم کریں۔

پریس کلب رجسٹرڈ کے سرپرست اعلیٰ خواجہ ادیب ناصر نے بھلوال پریس کلب کی موجودہ باڈی کو توڑ دیا

نئے الیکشن تک ملک اظہر علی کو بھلوال پریس کلب کا عبوری صدر نامزد کیا ہے

بھلوال (تحصیل رپورٹر) بھلوال پریس کلب رجسٹرڈ کے سرپرست اعلیٰ خواجہ ادیب ناصر نے بھلوال پریس کلب کی موجودہ باڈی کو توڑ دیا ہے اور نئے الیکشن تک ملک اظہر علی کو بھلوال پریس کلب کا عبوری صدر نامزد کیا ہے گزشتہ روز بھلوال پریس کلب کا اجلاس زیر صدارت خواجہ ادیب ناصر منعقد ہوا اجلاس میں عرصہ تین سال سے پریس کلب کے الیکشن نہ ہونے پر تحفظات کا اظہار کیا گیا اس موقع پر سرپرست اعلیٰ نے بھلوال پریس کلب کی موجودہ باڈی کو توڑ کر رمضان المبارک کے بعد الیکشن کرانے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ بطور صدر مرزا اسلم بیگ اور جنرل سیکرٹری خواجہ بابر شفیق نے اپنے دور میں صحافیوں کیلئے جو خدمات سرانجام دیں وہ قابل تحسین ہیں اس موقع پر نئے الیکشن اور ممبر شپ کیلئے تین رکنی کمیٹی بھی تشکیل دی گئی اجلاس میں ملک اظہر علی۔ خالد جاوید۔ خواجہ بابر شفیق۔ غلام رسول جنجوعہ۔ مہر امجد محمود۔ تیمور حسین۔ عمران نزیر۔ سمیت دیگر ممبران بھی شریک تھے اس موقع پر سینئر صحافی رانا شاہ نواز۔ نجی اللہ منہاس اور عامر مجوکہ کو بھلوال پریس کلب میں شمولیت پر خوش آمدید کہا گیا۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت پولیو ورکرز کے حوالے سے اجلاس

اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کمشنر لاہور ڈویژن زیدن مقصود کی جانب سے پولیو ورکرز کو شاباش کا پیغام پہنچایا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت پولیو ورکرز اور دیگر محکمہ جات کو خراج تحسین پیش کرنے بارے اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ صحت پنجاب نے پولیو مہم کے حوالے سے پنجاب کے تمام اضلاع کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی، جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ضلع ننکانہ صاحب نے پنجاب میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کمشنر لاہور ڈویژن زیدن مقصود کی جانب سے پولیو ورکرز کو شاباش کا پیغام پہنچایا۔ اس موقع پر ڈی سی ننکانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام ضلعی اداروں نے یکجا ہو کر پولیو مہم میں بہترین کام کیا، پنجاب میں تیسری پوزیشن ملنا ٹیم ورک کا نتیجہ ہے، اپنی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پوزیشن حاصل کرنے میں اصل کردار پولیو ورکرز کا ہے۔ امید کرتا ہوں آئندہ بھی تمام ضلعی ادارے باہمی کوارڈینیشن سے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے سرانجام دیں گے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو شہر ینہ غلام مرتضی جونیجو، اسسٹنٹ کمشنرز، پولیس، محکمہ صحت کے حکام بھی موجود تھے

سیالکوٹ ویمن چیمبر کی 2 روزہ صنعتی نمائش مکانی کیسا تھ اختتام پذیر

صدر ویمن چیمبر مریم صدیقہ و سنئیر نائب صدر گلزیب وقاص اکرم کو خراج تحسین، گروپ لیڈر ریاض الدین شیخ و صدر سیالکوٹ چیمبر سمیت بیشمار افراد کی شرکت



سیالکوٹ (بیورو چیف) سیالکوٹ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ڈاکٹر مریم صدیقہ و سنئیر نائب صدر ویمن چیمبر و دیگر عہدیداران ویمن چیمبر کے زیر اہتمام دو روزہ صنعتی نمائش ویمن ایکسپو 2025 کامیابیوں کے جھنڈے گاڑتی اختتام پذیر ہوئی۔ نیشنل بزنس کمیونٹی کے بے تاج بادشاہ ریاض الدین شیخ نے صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اکرام الحق، سنئیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وسیم شہباز لودھی، نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عمر خالد و سابقہ و موجودہ عہدیداران و ایگزیکٹو ممبران کے ہمراہ نمائش کا افتتاح کیا جس کے بعد سیالکوٹ اور بیرون شہروں سے آئے شہریوں و بزنس کمیونٹی نے جوک در جوک وی ایگزیبٹ میں شرکت کی۔ اس دوران مختلف سٹالز پر خریداروں اور بیرون ممالک سے آئے کسٹمرز کا رش لگا رہا۔ اس دوران سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ خاور انور خواجہ کی والدہ محترمہ انیتا انور خواجہ کی نادار خاندانوں کے بچوں کے ہمراہ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی منعقدہ تیسری صنعتی نمائش وی-ایگزیبٹ میں آمد ہوئی۔ اس موقع پر قوت نیوز ٹیم کیساتھ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی انتظامیہ کو کامیاب نمائش کے انعقاد پر سراہتے ہوئے کہا کہ ویمن چیمبر آف کامرس کی ویمن ایمپاورمنٹ اور صنعتی شعبہ سے وابستہ خواتین کیلئے بہتر عملی کاوش ہے جس سے بزنس پروموشنز کیساتھ ساتھ چھوٹے پیمانے پر کام کرنے والی بزنس ویمنز کی حوصلہ افزائی اور ان کو فوائد حاصل ہونگے۔ میڈیا کے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ کی تمام تحصیلوں کے دیہی علاقوں کے نادار و مفلس خاندانوں کے بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت کیلئے ہم نے ایک ادارہ قائم کیا ہوا ہے آج سمبڑیال کے مختلف دیہات سے تقریباً 18 بچوں کو ویمن چیمبر کی صنعتی نمائش میں لائے ہیں بچوں کا جوش و خروش دیدنی ہے اور ایسی سرگرمیوں سے بچوں میں اعتماد سازی و کردار سازی کو فروغ ملتا ہے اور مستقبل کے معماروں کی ذہنی استعداد کار میں بہتری ہوتی ہے۔









قائد عمران خان ہی ملک کو مسائل کی دلدل سے نکال سکتے ہیں، چوہدری مبشر گجر

8 فروری کو عوام نے فارم 47 والے حکمرانوں کو بری طرح مسترد کیا تھا، صاف شفاف انتخابات کے بغیر ملک کبھی بھی آگے نہیں بڑھ سکتا، گفتگو



سمندری (تحصیل رپورٹر) پی ٹی آئی کے سینیئر رہنما چوہدری مبشر گجر نے کہا ہے کہ پوری دنیا جان چکی ہے کہ وطن عزیز پاکستان کو موجودہ بحرانوں سے صرف اور صرف قائد عمران خان ہی نکال سکتے ہیں، پاکستان میں گزشتہ تین سال میں آئین وقانون کی جس قدر توہین ہوئی ہے اس کی کہیں مثال نہیں ملتی انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ہوں یا بلا جواز غیر قانونی گرفتاریاں پی ٹی آئی کے ہر ورکر سمیت پارٹی کے ہر رہنما نے ریاست کی جانب سے کیا جانے والا ظلم برداشت کر کے بتلا دیا ہے کہ یہ ملک بھی ہمارا ہے ادارے بھی ہمارے ہیں اور ہمارا جینا مرنا بھی پاکستان کے لیے ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ پاکستان تحریک انصاف ہی وہ واحد جماعت ہے جو محب وطن تھی ہے اور انشاء اللہ رہے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی پر 9 مئی جیسے گھناؤنے کیس ڈال کر پارٹی کا شیرازہ بکھیرنے نشان چھین کر اسے ختم کرنے جیسی سازشیں کرنے والوں کو عوام نے بری طرح مسترد کر کے 8 فروری 2024 کے دن اپنا فیصلہ بنا دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کیے بنا پاکستان آگے نہیں بڑھ سکتا، فارم 47 والی جعلی حکومت کے ساتھ کوئی بھی ملک چلنے کیلئے تیار نہیں ہے، مزید کہا کہ ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کا واحد حل صاف اور شفاف انتخابات ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے حافظ آباد میں اقلیتی خاندانوں میں مینارٹی کارڈز کی تقسیم کا عمل شروع کر دیا گیا

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی جانب سے پنجاب بھر کے اقلیتی خاندانوں میں مالی امداد کے مینارٹی کارڈز کی تقسیم پنجاب کی تاریخ کا ایک مثالی، عوامی فلاحی پروگرام ہے



حافظ آباد (رانا طارق محمود) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے حافظ آباد میں اقلیتی خاندانوں میں مینارٹی کارڈز کی تقسیم کا عمل شروع کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق، رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری میاں شاہد حسین بھٹی، مسلم لیگ ن کے رہنماء چوہدری تہور حسین تارڑ کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی جانب سے پنجاب بھر کے اقلیتی خاندانوں میں مالی امداد کے مینارٹی کارڈز کی تقسیم پنجاب کی تاریخ کا ایک مثالی، عوامی فلاحی پروگرام ہے۔ اس پروگرام کے تحت میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے ذریعے صوبہ بھر کے 50 ہزار اقلیتی خاندانوں میں مینارٹی کارڈز تقسیم کئے جا رہے ہیں۔ اس پروگرام کے تحت فی کس اقلیتی خاندان کو 10 ہزار پانچ سو روپے کی سہ ماہی کی قسط جاری کی جائیگی۔ اقلیتی خاندانوں کو میرٹ کی بنیاد اور انتہائی شفاف طریقہ سے مینارٹی کارڈز جاری کئے جا رہے ہیں اور اس تمام تر عمل کی خصوصی مانیٹرنگ بھی کی جا رہی ہے۔ اقلیتی خاندانوں کو جاری ہونے والے مینارٹی کارڈز سے وہ ہر تین ماہ بعد بنک اے ٹی ایم کے ذریعے اپنی 10 ہزار پانچ سو کی مالی امداد حاصل کر سکیں گے۔

بہاولپور تھانہ مسافر خانہ پولیس کی کاروائی بین الاضلاعی خطرناک گینگ گرفتار

گینگ سے دو کروڑ مالیت سے زائد کے 6 ٹریکٹرز، 5 موٹر سائیکل اور 10 لاکھ کیش برآمد، شہریوں کا ایس ایچ او مسافر خانہ محسن سردار کو خراج تحسین

بہاولپور (ملک محمد اعجاز) تفصیل کے مطابق تھانہ ڈی پی او بہاولپور کے احکامات پر ایس ایچ او تھانہ مسافر خانہ انسپکٹر محسن سردار کی منیر سب انسپکٹر، افتخار سب انسپکٹر کے ہمراہ دبنگ کاروائی ٹیم میں پولیس اہلکار ملک عابد کھروالہ، ملک اصغر رڈ، محمد عاصم بھی موجود تھے، تھانہ مسافر خانہ پولیس نے بین الاضلاعی خطرناک گینگ گرفتار کر لیا گینگ سے دو کروڑ مالیت سے زائد کے 6 ٹریکٹرز، 5 موٹر سائیکل اور 10 لاکھ کیش برآمد 12 سے 13 ارکان پر مشتمل یہ گینگ روڈ ڈکیتی، شاپس ڈکیتی، گھروں میں ڈکیتی، ٹریکٹرز چوری اور چھیننے کی وارداتیں کرتے تھے جو پچھلے ایک سال سے نور پور نورنگا، مسافر خانہ، یزمان، ڈیراور اور ہیڈ راجکاں میں 20 سے زائد وارداتیں کر چکے تھے اور جنکو آج تک ٹریس نہ کیا جا سکا تھا، تھانہ مسافر خانہ پولیس نے انتھک محنت کے بعد گینگ کے 6 ملزمان گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے بھاری ریکوری کر لی، اور بقیہ گینگ کے ملزمان اور معززین کے بھیس میں چھپے ان کے سہولت کاروں کی گرفتاری کیلئے پولیس چھاپے مار رہی ہے، اے ایس پی صدر سرکل آغا فصیح اور ایس ایچ او مسافر خانہ محسن سردار نے دیگر پولیس افسران رانا منیر سب انسپکٹر افتخار سب انسپکٹر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ یہ لوگ بہاولپور میں وارداتیں کر کے کراچی چلے جاتے جہاں پہلے سے موجود بہاولپور کے کچھ لوگ انکو پناہ دیتے اور یہ کراچی میں بھی درجنوں وارداتوں کا انکشاف کر چکے ہیں۔ یزمان اور مسافر خانہ کے کسان بھائیوں اور متاثرہ زمینداروں کو ان کے ٹریکٹرز کی چابیاں دیں جبکہ دیگر سائلین کو بھی ریکوریاں دی گئیں، انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں سائلین کے جان و مال کی حفاظت پولیس کی اہم ذمہ داری ہے عوام پولیس کا ساتھ دیں تاکہ معاشرے میں چھپے جرائم پیشہ افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے،، شہریوں نے اے ایس پی صدر سرکل آغا فصیح اور ایس ایچ او مسافر خانہ محسن سردار کو خراج تحسین پیش کیا اور پھولوں کے ہار پہنائے۔

جامعہ مسجد رحمانیہ اہلحدیث مصطفی آباد عظمت قرآن کانفرنس کا اہتمام

اس مدرسہ کے بانی حضرت مولانا قاری رفیع الدین قمر نے ملک بھر میں 450 مساجد تعمیر کروائی

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) جامعہ مسجد رحمانیہ اہلحدیث مصطفی آباد عظمت قرآن کانفرنس کا اہتمام علما کرام نے قرآن پاک حافظ کرنے والے 8 طلبہ میں اسناد و انعامات تقسیم کئے جبکہ پوزیشن سرگرمیوں میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں ٹرافیاں تقسیم کی گئی، تفصیلات کے مطابق جامعہ مسجد رحمانیہ اہلحدیث مصطفی آباد عظمت قرآن کانفرنس کا اہتمام کیا گیا، تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک و نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، حضرت مولانا قاری عبداللہ ساجد نے آنے والے معزز مہمانوں کو ویلکم کیا، عظیم سکالر حضرت مولانا پروفیسر مطیع اللہ باجوہ، حضرت مولانا قاری عبدالغفار احسن، حضرت مولانا حبیب الرحمن یزدانی، حضرت مولانا ثنا اللہ خاں صدیقی نے خصوصی خطاب کیا، تقریب میں حضرت مولانا پروفیسر عزیز الرحمان، حضرت مولانا حافظ امتیاز احمد، حضرت مولانا قاری عبید اشکور برق، حضرت مولانا شفیق احمد، ماسٹر نذیر احمد محمد، محمد شفیق محمد، صدر مدرسہ حاجی شیخ محمد نعیم محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، ارشد علی جوئیہ وائس چیئرمین و دیگر معززین علاقہ، علما کرام سمیت عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، علما کرام نے حضرت مولانا قاری عبداللہ ساجد کے ہمراہ قرآن پاک حفظ کرنے والے 8 طلبہ میں اسناد و انعامات تقسیم کئے گئے جبکہ پوزیشن سرگرمیوں میں حصہ لینے والے درجنوں طلبہ کو بھی ٹرافیاں دی گئی تقریب میں حضرت مولانا قاری عبداللہ ساجد کی خدمات کے اعتراف میں ان کے مدرسہ کے طلبہ نے تحائف پیش کئے، علما کرام نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس مدرسہ کے بانی حضرت مولانا قاری رفیع الدین قمر نے ملک بھر میں 450 مساجد تعمیر کروائی، انہوں نے ساری زندگی دین کی تبلیغ میں گزاری ہم ان کی خدمات پر ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کی درجات کی بلندی کے لئے دعا گو ہیں، علما کرام نے مزید کہا کہ قرآن پاک اللہ تعالی کا ایک معجزہ ہے دنیا بھر کے غیر مسلم لاکھ چوٹی کا زور لگانے کے باوجود آج تک اس میں کوئی غلطی یا تبدیلی ثابت نہیں کر سکے، دنیا میں مساجد بہترین جگہ ہے، جہاں پر اللہ کی رحمت برستی ہے، مساجد سے پیار کرنے والے اللہ کے دوست ہوتے ہیں، گھر سے وضو کر کے مسجد کے لئے نکلنے والے کی گناہ جھڑنے جبکہ درجات بلند ہونا شروع ہو جاتے ہیں، مسجد میں آنے والے کے لئے اللہ کے فرشتے بھی دعا کرتے ہیں، ہماری ساری زندگی کی عبادت اللہ تعالی کی ایک نعمت کا بدل نہیں ہو سکتی، ہم نے جنت میں اللہ کی رحمت سے ہی جانا ہے ہمارے اعمال اللہ کی رحمت کا سبب بنتے ہیں، والدین کی اطاعت کبیرہ گناہوں سے نجات کا سبب بنتی ہے، والدین کی اطاعت سے اللہ راضی ہوتا ہے، والدین کی ناراضگی اللہ کی ناراضگی کا سبب بنتی ہے، قرآن پاک ہدایت کی کتاب ہیں، ہمیں اس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، حضور ﷺ کا بتایا ہوا راستے ہی کامیابی کا راستہ ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قائدانہ صلاحیتوں کے معترف ہیں: بیرسٹر ابوبکر بھٹی

ویمن یونیورسٹی میں سکالرشپ پروگرام کو سراہتے ہیں: اظہر حمید بھٹی



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں کی طرح حالیہ دورہ سیالکوٹ کے دوران جی سی ویمن یونیورسٹی میں سکالر شپ پروگرام میں طالبات کیلئے وظائف اور سکالر شپ پروگرام کو سراہتے ہیں۔ سیالکوٹ میں ترقیاتی منصوبوں کا جال اور وزیر آباد الگو کی روڈ کی تعمیر نو سمیت اطراف پختہ نالہ جات و سروس روڈ پر ٹف ٹائلنگ مکمل ہو چکی ہے جس سے جی ٹی روڈ استعمال کرنے والی گاڑیوں اور عام شہریوں کو جہاں بہترین سہولیات میسر آئی ہیں وہیں ڈیوائیڈرز پر خوبصورت پودے و درخت لگنے سے انفراسٹرکچر کی خوشنمائی میں اضافہ ہوا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف صنعتکار بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی اور معروف سیاسی وسماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلاشبہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا نام بطور بہترین ایڈمنسٹریٹر ٹاپ پر ہے۔

حافظ آباد شہر میں میں گذشتہ روز کی بارش نے جہاں موسم خوشگوار بنا دیا

حافظ آباد (رانا آصف) حافظ آباد شہر میں میں گذشتہ روز کی بارش نے جہاں موسم خوشگوار بنایا، وہیں نکاسی آب کے ناقص انتظامات کے باعث شہریوں کے لیے شدید مشکلات کھڑی کر دی ہیں۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے بارش کی پیشگی اطلاع کے باوجود متعلقہ ادارے نکاسی آب کے مناسب انتظامات کرنے میں ناکام رہے، جس کے نتیجے میں شہر کی مرکزی شاہراہیں، گلیاں اور بازار پانی میں ڈوب گئے۔ شہر کے مختلف علاقوں، بشمول کسوکی روڈ، علی پور روڈ، پارک روڈ، اور دیگر ملحقہ علاقوں میں پانی کھڑا ہونے سے ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے، جبکہ شہریوں کو پیدل چلنے میں بھی دشواری کا سامنا ہے۔ سیوریج سسٹم کی صفائی نہ ہونے کے سبب نالے ابل پڑے، جس سے گندا پانی گلیوں میں بہنے لگا اور شہریوں کو شدید بدبو اور بیماریوں کے خدشات لاحق ہو گئے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہر بار بارش کے بعد یہی صورتحال پیدا ہو جاتی ہے، لیکن انتظامیہ کی جانب سے کوئی مستقل حل نکالنے کے بجائے محض وقتی اقدامات کیے جاتے ہیں۔ مقامی دکانداروں اور رہائشیوں نے شکایت کی ہے کہ پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے کاروبار بھی متاثر ہو رہا ہے، جبکہ اسکول و دفاتر جانے والے افراد کو شدید مشکلات درپیش ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کرے تاکہ شہریوں کو آئندہ ایسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بارش کے دوران کھمبے میں کرنٹ آنے سے دو قیمتی گائیں ہلاک

شرقپور شریف (نامہ نگار محمد خضر حیات راجپوت) بارش کے دوران کھمبے میں کرنٹ آنے سے دو قیمتی گائیں ہلاک، بارش کے دوران کھمبے میں کرنٹ آگیا، جس کے نتیجے میں گلی سے گزرتی دو گائیں موقع پر ہی ہلاک ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق شرقپور کے نواحی گاؤں کوٹ محمود میں بارش کے دوران کھمبے سے لٹکتی تاروں میں کرنٹ آنے کے باعث دو قیمتی گائیں ہلاک ہوگئیں۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ

سی ای او ہیلتھ نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ مریضوں کو تمام سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام ممکنہ اقدامات کرے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ کا ٹی ایچ کیو ہسپتال حویلی لکھا میں طبی سہولیات کا جائزہ۔ انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کی چیکنگ کی اور صفائی ستھرائی سمیت مریضوں کو مفت ادویات کی دستیابی سمیت ڈاکٹر کی حاضری اور صفائی ستھرائی کے امور کا بھی جائزہ لیا۔ سی ای او ہیلتھ نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ مریضوں کو تمی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام ممکنہ اقدامات کرے اور اس سلسلہ میں ہسپتال کی مانیٹرنگ کا عمل جاری رکھے، مریضوں کی تشخیص ا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

معاشی ترقی کیلئے وفاقی اور پنجاب حکومت کے عزائم واقدامات

وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر زور دیتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ کی نئی انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کی خواہش کا اعادہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد میں امریکی ناظم الامور نثالی بیکر سے ملاقات کے دوران تجارت، آئی ٹی، زراعت، صحت، تعلیم اور توانائی جیسے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بات چیت کی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ انسداد دہشت گردی، خصوصاً داعش اور فتنہ الخوارج) ایف اے ے (جیسے خطرات سے نمٹنے کے لیے قریبی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر امریکی ناظم الامور نثالی بیکر نے وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ نئی انتظامیہ دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے پاکستان کے ساتھ کام کرے گی۔ ٹرمپ کے گزشتہ دور میں پاکستان اور امریکہ کے مابین تعلقات کافی بہتر اور خوشگوار تھے۔ پاکستان کے زور دینے پر ہی صدر ٹرمپ نے افغانستان سے انخلا کا فیصلہ کیا تھا۔ کیپٹر پارٹی حکومت کے قیام کے بجائے اقتدار طالبان کے حوالے کرنے پر امریکہ اور پاکستان کا اتفاق رائے ہوا تھا۔ اقتدار میں آنے کے بعد طالبان کی پالیسی اور خوبی بدل گئی۔ ان کی طرف سے ٹی ٹی پی کی پشت پناہی شروع کر دی گئی جو پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث چلی آ رہی تھی۔ اس فتنہ الخوارج نے پاکستان کو عدم استحکام سے دو چار کر رکھا ہے۔ اس سے نجات کے لیے پاکستان اور امریکہ کو مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے کابینہ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کو قومی مشن قرار دیا اور کہا کہ ملک کی ترقی اور خوشحالی اسی سے جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے گیلپ کے ایک حالیہ سروے کا حوالہ دیا جس کے مطابق 55 فیصد پاکستانیوں نے بزنس کے ماحول پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اگرچہ یہ ایک مثبت اشارہ ہے، لیکن ملک کو معاشی ترقی کی راہ پر تیزی سے گامزن کرنے کے لیے مزید محنت اور مستحکم حالات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے سیاسی استحکام کی اہمیت پر زور دیا اور واضح کیا کہ اقتصادی ترقی کا سفر اسی وقت کامیاب ہوگا جب ملک میں سیاسی ہم آہنگی اور اندرونی استحکام موجود ہوگا۔ بیرونی دنیا کا اعتماد بھی سیاسی استحکام سے مشروط ہے، اور امریکہ سمیت دوسرے ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات معاشی ترقی، دہشت گردی کے خاتمے، اور امن کی بحالی کے لیے ناگزیر ہیں۔ وزیراعظم نے وفاقی کابینہ کو سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے خط سے آگاہ کیا، جس میں پاکستان کو موخر ادائیگی پر 10 کروڑ ڈالر ماہانہ پٹرولیم مصنوعات فراہم کرنے کے فیصلے کی تصدیق کی گئی۔ وزیراعظم نے سعودی عرب کی مسلسل حمایت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کے مشکل وقت میں ساتھ کھڑا رہا ہے۔ یہ اقدام ملک کے لیے معاشی استحکام اور توانائی کے بحران پر قابو پانے میں معاون ثابت ہوگا۔ حکومت کی پالیسیاں معیشت کو استحکام کی طرف لے جا رہی ہیں، جو ایک مثبت پیش رفت ہے، لیکن سیاسی استحکام کے بغیر یہ کوششیں دیرپا ثابت نہیں ہوں گی۔ عالمی برادری کا اعتماد، غیر ملکی سرمایہ کاری، اور اقتصادی ترقی براہ راست ملک کے اندرونی استحکام اور پالیسیوں کی شفافیت پر منحصر ہے۔ امریکہ اور دیگر ممالک کے ساتھ تجارتی وسفارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنا دہشت گردی کے خاتمے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے ضروری ہوگا۔ صدر مسلم لیگ)ن (میاں محمد نواز شریف نے ارکان پارلیمنٹ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ آسانی فرما رہا ہے، معاشی ٹرن آوٹ بہتر ہوتا نظر آ رہا ہے۔ پالیسی ریٹ میں کمی نے کاروباری برادری کا اعتماد بڑھایا ہے۔ سخت معاشی حالات کے بعد مہنگائی میں کمی ہوئی، مزید کمی سے عوام کو مزید ریلیف ملنے کی امید ہے۔ تعمیراتی کام پھر سے شروع ہوگئے ہیں۔ شہباز شریف کی محنت اور جاں فشانی کا عالمی مالیاتی ادارے بھی اعتراف کر رہے ہیں۔ ادھر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ناروال میں بہت بڑا جلسہ کیا۔ جلسہ برقایا ہوا تھا۔ برقائے ہوئے ہونے کو ارد گرد میں چار جڈ کہتے ہیں۔ جلسے کی حاضری اتنی بڑی تھی اور جوش اتنا زیادہ کہ لگا، انتخابی مہم چل رہی ہے حالانکہ الیکشن تو ابھی چار سال دور ہیں۔ مرشدانی پارٹی کے ایک تجزیہ کار نے کہا، یہ لوگ اصلی نہیں ہیں، فارم 47 کی پیداوار ہیں۔ اصلی جلسہ فارم 45 والوں کا ہوتا ہے۔ خیر جلسے میں مریم صاحبہ نے ایک خلاف واقع بات کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں اچھی اچھی خبریں آ رہی ہیں اور ہر بری خبر اڈیالے سے آتی ہے۔ مریم صاحبہ نے اصل صورتحال کو الٹ کے رکھ دیا۔ اصل صورت حال یہ ہے کہ ہر بری خبر اڈیالے کو جاتی ہے، آتی نہیں مثال کے طور پر کل والی ملاقات ہی کو لے لیجئے۔ مرشد کو ملاقاتیوں نے بتایا کہ یا حضرت آج کی تازہ بری خبریں سنئے۔ مرشد بری خبریں سننے کے عادی ہو چکے ہیں، زیادہ تر کوئی خطرناک رد عمل نہیں دیتے۔ بہت زیادہ بری خبر ہو تو بے ہوش ہونے یا قے تیمیں چلے جانے پر گزارا کرتے ہیں۔ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ بری خبر سنانے والے کو لاپارسید کر دیا ہو۔ خیر، انہیں بتایا گیا کہ بہت ہی بری خبریں ہیں۔ یہ کہ گیلپ والوں نے سروے کیا ہے جس سے پتہ چلا کہ ملک میں کاروباری اعتماد 55 فیصد تک بحال ہوا ہے۔ عدم استحکام کا خطرہ محسوس کرنے والوں کی تعداد 19 فیصد تک کم ہوئی ہے۔ اور سعودی عرب نے موخر ادائیگی پر تیل کی فراہمی میں ایک سال کی توسیع کر دی ہے اور دو عشروں کے بعد پہلی بار عالمی بنک نے پاکستان کو اس قابل سمجھا ہے کہ یہاں اعلیٰ سطح کا وفد بھیج کر سرمایہ کاری کا جائزہ لے، نیز آئی ایم ایف کی ایم ڈی صاحبہ نے سرٹیفکیٹ جاری کیا ہے کہ پاکستان

پنجاب حکومت کا ایک سال اور چیلنجز

پنجاب حکومت نے اپنے پہلے سال میں گزشتہ 5 سال کی کمزور انتظامی طور پر حکومت کے اور اس کے بعد محسن نقوی کی برق رفتار کارکردگی کو دیکھتے ہوئے اپنی حکومت کا اغاز کیا اور حکومت نے کارکردگی میں تسلسل اور محنت کی کوشش ضرور کی ہے مریم نواز کے بطور وزیراعلیٰ پنجاب کے پہلے سال کے بارے میں لوگوں کی رائے اور تاثرات مختلف اور ہمہ جہتی ہیں۔ کچھ لوگ معاشی ترقی کو فروغ دینے، انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کرنے اور ٹیکسٹائل اور زراعت جیسی صنعتوں کو فروغ دینے کے لیے اس کی کوششوں کی تعریف کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ پنجاب میں تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے کے لیے ان کے اقدامات کو سراہتے ہیں۔ سکولوں، ہسپتالوں اور صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات کو اپ گریڈ کرنے کے لیے پروگرام شروع کیے ہیں، جس سے بہت سے لوگوں کے لیے معیاری تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال تک رسائی میں بہتری آئی ہے۔ کچھ لوگ شفافیت اور جوابدہی کے لیے ان کے عزم کو سراہتے ہیں، جب کہ کچھ لوگ گورننس اصلاحات کی رفتار اور پالیسیوں کے زیادہ موثر نفاذ کی ضرورت پر تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔ مریم نواز کی حکومت کی پنجاب میں سماجی انصاف، خواتین کو بااختیار بنانے اور ثقافتی ترقی کے لیے جدید فنانسنگ ماڈلز، جیسے امپیکٹ بانڈز اور سماجی اثرات کی سرمایہ کاری کی تلاش۔ صحت ایک کثیر جہتی تصور ہے جس میں جسمانی، جذباتی اور سماجی بہبود شامل ہے۔ یہ صرف بیماری کی عدم موجودگی نہیں ہے، بلکہ مکمل تندرستی کی حالت ہے۔ جسمانی صحت مجموعی صحت کا ایک اہم پہلو ہے۔ جسمانی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے باقاعدہ ورزش، متوازن خوراک اور مناسب نیند ضروری ہے۔



ورزش سے ہڈیوں اور پٹھوں کو مضبوط بنانے، قلبی صحت کو بہتر بنانے اور ذیابیطس اور دل کی بیماری جیسی دائمی بیماریوں کے خطرے کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ذہنی صحت بھی اتنی ہی ضروری ہے جتنی جسمانی صحت' اس میں ہماری جذباتی، نفسیاتی اور سماجی بہبود شامل ہے۔ تناو؟، اضطراب اور صدمے جیسے عوامل ذہنی صحت کو متاثر کر سکتے ہیں۔ ذہن سازی کی مشق کرنا، سماجی مدد حاصل کرنا اور ایسی سرگرمیوں میں مشغول ہونا جن سے خوشی اور تکمیل ہوتی ہے ذہنی تندرستی کو فروغ دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ صحت کی دیکھ بھال، صحت مند خوراک اور محفوظ رہنے کے ماحول تک رسائی۔ اچھی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے صحت مند عادات کو اپنانا ضروری ہے، جیسے: پھلوں، سبزیوں اور ساراناج سے بھرپور متوازن غذا کھائیں۔ باقاعدہ جسمانی سرگرمی میں مشغول ہونا مناسب نیند لینا تناؤ کو کم کرنے والی تکنیکوں پر عمل کرنا جیسے مراقبہ یا یوگا دوستوں اور کنبہ کے ساتھ جڑے رہنا صحت کو ترجیح دینے اور صحت مند عادات کو اپنانے سے افراد اپنے دائمی بیماریوں کے خطرے کو کم کر سکتے ہیں اور اپنے مجموعی معیار زندگی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ باقی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے زراعت اور آبپاشی کے نظام کو اہمیت پنجاب کا سب سے اہم معاملہ رہا ہے اور اس پر توجہ اس حکومت کو بہتر تاثر قائم کرنے میں مدد دے گی۔ پنجاب حکومت نے اپنے پہلے سال میں گزشتہ 5 سال کی کمزور انتظامی طور پر حکومت کے اور اس کے بعد محسن نقوی کی برق رفتار کارکردگی کو دیکھتے ہوئے اپنی حکومت کا اغاز کیا اور حکومت نے کارکردگی میں تسلسل اور محنت کی کوشش ضرور کی ہے مریم نواز کے بطور وزیراعلیٰ پنجاب کے پہلے سال کے بارے میں لوگوں کی رائے اور تاثرات مختلف اور ہمہ جہتی ہیں۔ کچھ لوگ معاشی ترقی کو فروغ دینے، انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کرنے اور ٹیکسٹائل اور زراعت جیسی صنعتوں کو فروغ دینے کے لیے اس کی کوششوں کی تعریف کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ پنجاب میں تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے کے لیے ان کے اقدامات کو سراہتے ہیں۔ سکولوں، ہسپتالوں اور صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات کو اپ گریڈ کرنے کے لیے پروگرام شروع کیے ہیں، جس سے بہت سے لوگوں کے لیے معیاری تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال تک رسائی میں بہتری آئی ہے۔ کچھ لوگ شفافیت اور جوابدہی کے لیے ان کے عزم کو سراہتے ہیں، جب کہ کچھ لوگ گورننس اصلاحات کی رفتار اور پالیسیوں کے زیادہ موثر نفاذ کی ضرورت پر تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔ مریم نواز کی حکومت کی پنجاب میں سماجی انصاف، خواتین کو بااختیار بنانے اور ثقافتی ترقی کے لیے جدید فنانسنگ ماڈلز، جیسے امپیکٹ بانڈز اور سماجی اثرات کی سرمایہ کاری کی تلاش۔ صحت ایک کثیر جہتی تصور ہے جس میں جسمانی، جذباتی اور سماجی بہبود شامل ہے۔ یہ صرف بیماری کی عدم موجودگی نہیں ہے، بلکہ مکمل تندرستی کی حالت ہے۔ جسمانی صحت مجموعی صحت کا ایک اہم پہلو ہے۔ جسمانی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے باقاعدہ ورزش، متوازن خوراک اور مناسب نیند ضروری ہے۔ ورزش سے ہڈیوں اور پٹھوں کو مضبوط بنانے، قلبی صحت کو بہتر بنانے اور ذیابیطس اور دل کی بیماری جیسی دائمی بیماریوں کے خطرے کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ذہنی صحت بھی اتنی ہی ضروری ہے جتنی جسمانی صحت' اس میں ہماری جذباتی، نفسیاتی اور سماجی بہبود شامل ہے۔ تناو؟، اضطراب اور صدمے جیسے عوامل ذہنی صحت کو متاثر کر سکتے ہیں۔ ذہن سازی کی مشق کرنا، سماجی مدد حاصل کرنا اور ایسی سرگرمیوں میں مشغول ہونا جن سے خوشی اور تکمیل ہوتی ہے ذہنی تندرستی کو فروغ دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ صحت کی دیکھ بھال، صحت مند خوراک اور محفوظ رہنے کے ماحول تک رسائی۔ اچھی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے صحت مند عادات کو اپنانا ضروری ہے، جیسے: پھلوں، سبزیوں اور ساراناج سے بھرپور متوازن غذا کھائیں۔ باقاعدہ جسمانی سرگرمی میں مشغول ہونا مناسب نیند لینا تناؤ کو کم کرنے والی تکنیکوں پر عمل کرنا جیسے مراقبہ یا یوگا دوستوں اور کنبہ کے ساتھ جڑے رہنا صحت کو ترجیح دینے اور صحت مند عادات کو اپنانے سے افراد اپنے دائمی بیماریوں کے خطرے کو کم کر سکتے ہیں اور اپنے مجموعی معیار زندگی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ باقی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے زراعت اور آبپاشی کے نظام کو اہمیت پنجاب کا سب سے اہم معاملہ رہا ہے اور اس پر توجہ اس حکومت کو بہتر تاثر قائم کرنے میں مدد دے گی۔ پنجاب حکومت نے اپنے پہلے سال میں گزشتہ 5 سال کی کمزور انتظامی طور پر حکومت کے اور اس کے بعد محسن نقوی کی برق رفتار کارکردگی کو دیکھتے ہوئے اپنی حکومت کا اغاز کیا اور حکومت نے کارکردگی میں تسلسل اور محنت کی کوشش ضرور کی ہے مریم نواز کے بطور وزیراعلیٰ پنجاب کے پہلے سال کے بارے میں لوگوں کی رائے اور تاثرات مختلف اور ہمہ جہتی ہیں۔ کچھ لوگ معاشی ترقی کو فروغ دینے، انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کرنے اور ٹیکسٹائل اور زراعت جیسی صنعتوں کو فروغ دینے کے لیے اس کی کوششوں کی تعریف کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ پنجاب میں تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے کے لیے ان کے اقدامات کو سراہتے ہیں۔ سکولوں، ہسپتالوں اور صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات کو اپ گریڈ کرنے کے لیے پروگرام شروع کیے ہیں، جس سے بہت سے لوگوں کے لیے معیاری تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال تک رسائی میں بہتری آئی ہے۔ کچھ لوگ شفافیت اور جوابدہی کے لیے ان کے عزم کو سراہتے ہیں، جب کہ کچھ لوگ گورننس اصلاحات کی رفتار اور پالیسیوں کے زیادہ موثر نفاذ کی ضرورت پر تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔ مریم نواز کی حکومت کی پنجاب میں سماجی انصاف، خواتین کو بااختیار بنانے اور ثقافتی ترقی کے لیے جدید فنانسنگ ماڈلز، جیسے امپیکٹ بانڈز اور سماجی اثرات کی سرمایہ کاری کی تلاش۔ صحت ایک کثیر جہتی تصور ہے جس میں جسمانی، جذباتی اور سماجی بہبود شامل ہے۔ یہ صرف بیماری کی عدم موجودگی نہیں ہے، بلکہ مکمل تندرستی کی حالت ہے۔ جسمانی صحت مجموعی صحت کا ایک اہم پہلو ہے۔ جسمانی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے باقاعدہ ورزش، متوازن خوراک اور مناسب نیند ضروری ہے۔ ورزش سے ہڈیوں اور پٹھوں کو مضبوط بنانے، قلبی صحت کو بہتر بنانے اور ذیابیطس اور دل کی بیماری جیسی دائمی بیماریوں کے خطرے کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ذہنی صحت بھی اتنی ہی ضروری ہے جتنی جسمانی صحت' اس میں ہماری جذباتی، نفسیاتی اور سماجی بہبود شامل ہے۔ تناو؟، اضطراب اور صدمے جیسے عوامل ذہنی صحت کو متاثر کر سکتے ہیں۔ ذہن سازی کی مشق کرنا، سماجی مدد حاصل کرنا اور ایسی سرگرمیوں میں مشغول ہونا جن سے خوشی اور تکمیل ہوتی ہے ذہنی تندرستی کو فروغ دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ صحت کی دیکھ بھال، صحت مند خوراک اور محفوظ رہنے کے ماحول تک رسائی۔ اچھی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے صحت مند عادات کو اپنانا ضروری ہے، جیسے: پھلوں، سبزیوں اور ساراناج سے بھرپور متوازن غذا کھائیں۔ باقاعدہ جسمانی سرگرمی میں مشغول ہونا مناسب نیند لینا تناؤ کو کم کرنے والی تکنیکوں پر عمل کرنا جیسے مراقبہ یا یوگا دوستوں اور کنبہ کے ساتھ جڑے رہنا صحت کو ترجیح دینے اور صحت مند عادات کو اپنانے سے افراد اپنے دائمی بیماریوں کے خطرے کو کم کر سکتے ہیں اور اپنے مجموعی معیار زندگی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ باقی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے زراعت اور آبپاشی کے نظام کو

مراکو کا سفر

نیویارک کے ساحل بحر اوقیانوس سے پرواز چھ گھنٹے سمندر کے اوپر سفر طے کرتی ہوئی شمالی افریقہ کے مغربی ساحل پر واقع کاسابلانکا ایئر پورٹ پر لینڈ کر گئی۔ مراکش کے مغربی ساحل پر واقع کاسابلانکا ملک کا سب سے بڑا شہر اور اہم اقتصادی ثقافتی مرکز ہے۔ مراکو المغرب کا ملک ہے۔ کاسا بلانکا شہر کا ایئر پورٹ سادہ اور پرانا ہے۔ ساتویں صدی میں جب عرب فاتحین پہلی بار شمالی افریقہ میں اسلام لائے تو کاسابلانکا اسلامی تعلیم کا ایک اہم مرکز بن گیا، شہر میں متعدد مساجد، مدارس اور دیگر اسلامی ادارے قائم ہوئے۔ کاسابلانکا کی سب سے نمایاں خصوصیات میں سے ایک ہے اور جدید اسلامی فن تعمیر کا ایک شاندار نمونہ ہے۔ 1993 میں تعمیر کی گئی اس مسجد میں پیچیدہ ٹائل ورک، آرائشی نقش و نگار، اور ایک بڑے مینار کی خصوصیات ہیں۔ کاسا بلانکا میں اسلامی فن تعمیر کی دیگر قابل ذکر مثالوں میں دارالحکزن محل شامل ہے، جو 19ویں صدی میں بنایا گیا تھا اور مراکش کے سلطانوں کی رہائش گاہ کے طور پر کام کرتا تھا۔ کاسا بلانکا سے شہر مراکش آدھ گھنٹے کی پرواز تھی۔ مراکش کے پرانے شہر المعروف مدینہ کے ایک روایتی گیسٹ ہاؤس میں قیام کیا۔ یہ شہر سیاحوں کا اہم مرکز جانا جاتا ہے۔ سردیوں میں یہاں کی شام ٹھنڈی ہوتی ہے وگرنہ صحرا کے سبب دن گرم ہوتا ہے۔ یہ شہر سلسلہ کوہ اطلس کے دامن کے مغرب میں



مالٹوں کے درخت جا بجا پھلوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ مراکش سے ڈیڑھ گھنٹے ڈرائیو کی مسافت کے بعد اوریکا ویلی آتی ہے۔ اوریکا وادی اطلس پہاڑی سلسلے سے پہلے ایک دلفریب شفاف پانی کے نالے کے سنگ آباد ہے۔ اطلس شمال مغربی افریقا کا ایک پہاڑی سلسلہ ہے جو مراکش، الجزائر اور تیونس کے درمیان 2400 کلومیٹر پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ پہاڑی سلسلہ بحیرہ روم اور بحر اوقیانوس کو صحرائے اعظم سے جدا کرتا ہے۔ اطلس پہاڑ کے دامن میں بربر قبیلہ آباد ہے۔ طارق بن زیاد کا تعلق بھی بربر قبیلہ سے تھا۔ مراکو میں صوفیا کرام کے قبور اس حقیقت کی علامت ہیں کہ انبیا کرام کے بعد دنیا بھر میں اسلام پھیلانے والے صوفیا کرام کے قدم ہر خطے میں موجود ہیں۔ اللہ تعالی نے ایک لاکھ 24 ہزار انبیا اتارے یہ تمام سیاح بھی تھے یقین کریں انسان جب تک اپنے کنوئیں سے باہر نہیں آتا اس پر اس وقت تک علم مہربان نہیں ہوتا۔ ہندوستان میں اسلام صوفیا کرام نے پھیلایا تھا اور صوفیا کرام بھی سیاح تھے 'یہ اللہ تعالی کی زمین سے علم کا رزق چنتے چنتے اچ شریف 'لاہور 'دہلی اور اجمیر شریف پہنچے اور وہاں دین کی مشعل جلادی۔ مراکو میں اسلام کی شمع بھی صوفیا کرام کی خدمات کا انعام ہے۔ نیویارک کے ساحل بحر اوقیانوس سے پرواز چھ گھنٹے سمندر کے اوپر سفر طے کرتی ہوئی شمالی افریقہ کے مغربی ساحل پر واقع کاسابلانکا ایئر پورٹ پر لینڈ کر گئی۔ مراکش کے مغربی ساحل پر واقع کاسابلانکا ملک کا سب سے بڑا شہر اور اہم اقتصادی ثقافتی مرکز ہے۔ مراکو المغرب کا ملک ہے۔ کاسا بلانکا شہر کا ایئر پورٹ سادہ اور پرانا ہے۔ ساتویں صدی میں جب عرب فاتحین پہلی بار شمالی افریقہ میں اسلام لائے تو کاسابلانکا اسلامی تعلیم کا ایک اہم مرکز بن گیا، شہر میں متعدد مساجد، مدارس اور دیگر اسلامی ادارے قائم ہوئے۔ کاسابلانکا کی سب سے نمایاں خصوصیات میں سے ایک اس کا اسلامی فن تعمیر ہے، جسے پورے شہر میں دیکھا جا سکتا ہے۔ سب سے مشہور مثال حسن II مسجد ہے، جو دنیا کی سب سے بڑی مساجد میں سے ایک ہے اور جدید اسلامی فن تعمیر کا ایک شاندار نمونہ ہے۔ 1993 میں تعمیر کی گئی اس مسجد میں پیچیدہ ٹائل ورک، آرائشی نقش و نگار، اور ایک بڑے مینار کی خصوصیات ہیں۔ کاسا بلانکا میں اسلامی فن تعمیر کی دیگر قابل ذکر مثالوں میں دارالحکزن محل شامل ہے، جو 19ویں صدی میں بنایا گیا تھا اور مراکش کے سلطانوں کی رہائش گاہ کے طور پر کام کرتا تھا۔ کاسا بلانکا سے شہر مراکش آدھ گھنٹے کی پرواز تھی۔ مراکش کے پرانے شہر المعروف مدینہ کے ایک روایتی گیسٹ ہاؤس میں قیام کیا۔ یہ شہر سیاحوں کا اہم مرکز جانا جاتا ہے۔ سردیوں میں یہاں کی شام ٹھنڈی ہوتی ہے وگرنہ صحرا کے سبب دن گرم ہوتا ہے۔ یہ شہر سلسلہ کوہ اطلس کے دامن کے مغرب میں واقع ہے۔ تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے تو مراکش 10 ہزار سال قبل مسیح میں آباد ہوا۔ 7ویں صدی عیسوی میں ظہور اسلام کے بعد خلافتِ امویہ کے جرنیل عقبہ بن نافع کی قیادت میں غیور مسلمانوں نے شمالی افریقہ میں بے پناہ فتوحات اپنے نام کیں۔ یہ عقبہ بن نافع ہی تھے جنہوں نے قیروان یعنی موجودہ تیونس آباد کیا اور یوں اس غیور قافلہ نے کامیابیوں سے ہمکنار ہوتے ہوئے 683 تک تقریباً جدید مراکش کا تمام علاقہ فتح کر لیا۔ یوں اس سرزمین سے بحرِ ظلمات کے کالے بادل چھٹ گئے اور حق کا غلبہ ہوا اور اس فتح کے بعد اسلامی ثقافت کو سرزمین مراکش پر فروغ ملا اور لوگ) بالخصوص بربر (حلقہ بگوش اسلام ہوئے -طارق بن زیاد بربر نسل سے تعلق رکھنے والے عظیم اسلامی سپہ سالار اور خلافت بنو امیہ کے جرنیل تھے۔ موسیٰ بن نصیر نے ہسپانیہ میں وزیگوتھ بادشاہ کے مظالم سے تنگ عوام کے مطالبے پر طارق بن زیاد کو ہسپانیہ فتح کرنے کا حکم دیا۔ یوں عظیم سپہ سالار طارق بن زیاد اپنی مختصر فوج کے ساتھ 711 میں ہسپانیہ پر حملہ آور ہوا اور ہسپانیہ فتح کیا۔ ثقافتی اہمیت کے لحاظ سے مراکش کو ایک نمایاں مقام حاصل ہے کیونکہ کسی بھی ملک کی ثقافت اس کی رسوم و روایات، فنون لطیفہ، علم و ادب، فلسفہ و حکمت اور اخلاقیات کی عکاس ہوتی ہے۔ سرزمین مراکش نے ابن بطوطہ اور موسیٰ الخوارزمی جیسے عظیم سائنسدانوں اور جغرافیہ دانوں کو جنم دیا۔ مراکش میں مختلف قبائل آباد ہیں جن میں زیادہ تر مقامی قبائل مراکش کے پہاڑی علاقوں میں سکونت پذیر ہیں جو اپنی روایات اور تہذیب وتمدن کے مطابق زندگی بسر کرتے ہیں۔ مراکش کا پرانا شہر) مدینہ (تھا۔ جو لاہور کی طرح دروازوں میں بٹا ہوا ہے اور اس کے گرد فصیل ہے، اس میں اندرون لاہور ایسی تنگ گلیاں ہیں۔ یہاں کھانے پینے کی بے شمار دکانیں ہیں۔ جامع الفنا ایک وسیع و عریض میدان ہے جہاں عوامی فنکار ہمہ وقت جمع رہتے ہیں، ان میں فوک سنگر بھی ہیں، رقاص بھی اور بین بجا کر سانپوں کا تماشا دکھانے والے سپیرے بھی۔ مسجد قطبیہ 12ویں صدی کا تاریخی مینار بھی جامع الفنا کے مرکز کی خاص رونق ہے۔ مراکش، المغرب میں سات تاریخی مسلمان شخصیات کے مزار ہیں۔ ان میں سے ہر ایک مشہور مسلم قاضی، عالم یا صوفی ولی تھا جو ان کے تقوی یا دیگر صوفیانہ صفات کی وجہ سے مشہور تھے۔ مراکش کی عورتیں بھی کثرت سے موٹر سائیکل چلاتی ہیں۔ مراکو المغرب کا ملک ہے۔ کاسا بلانکا شہر کا سیاحوں کا چلنا مشکل ہو جاتا ہے۔ پورے شہر میں مالٹوں کے درخت جا بجا پھلوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ مراکش سے ڈیڑھ گھنٹے ڈرائیو کی مسافت کے بعد اوریکا ویلی آتی ہے۔ اوریکا وادی اطلس پہاڑی سلسلے سے پہلے ایک دلفریب شفاف پانی کے نالے کے سنگ آباد ہے۔ اطلس شمال مغربی افریقا کا ایک پہاڑی سلسلہ ہے جو مراکش، الجزائر اور تیونس کے درمیان 2400 کلومیٹر پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ پہاڑی سلسلہ بحیرہ روم اور بحر اوقیانوس کو صحرائے اعظم سے جدا کرتا ہے۔ اطلس پہاڑ کے دامن میں بربر قبیلہ آباد ہے۔ طارق بن زیاد کا تعلق بھی بربر قبیلہ سے تھا۔ مراکو میں صوفیا کرام کے قبور اس حقیقت کی علامت ہیں کہ انبیا کرام کے بعد دنیا بھر میں اسلام پھیلانے والے صوفیا کرام کے قدم ہر خطے میں موجود ہیں۔ اللہ تعالی نے ایک لاکھ 24 ہزار انبیا اتارے یہ تمام سیاح بھی تھے یقین کریں انسان جب تک اپنے کنوئیں سے باہر نہیں آتا اس پر اس وقت تک علم مہربان نہیں ہوتا۔ ہندوستان میں اسلام صوفیا کرام نے پھیلایا تھا اور صوفیا کرام بھی سیاح تھے 'یہ اللہ تعالی کی زمین سے علم کا رزق چنتے چنتے اچ شریف 'لاہور 'دہلی اور اجمیر شریف پہنچے اور وہاں دین کی مشعل جلادی۔

"شعور کا بہاو" شیخ رشید سے شیر افضل مروت تک

رینگنو کے حصول کو بے قرار ٹی وی اینکروں کو ان دنوں شیر افضل مروت ویسے ہی مطلوب ہیں جیسے کسی زمانے میں غریب کی چھت کے بارے میں منافقانہ ٹسوے بہانے والے راولپنڈی کے ترجمان عصر ہوا کرتے تھے۔ 2008 میں کافی مشکلات کا سامنا کرنے کے بعد پیپلز پارٹی چند دیگر جماعتوں کے ساتھ مل کر مرکز میں حکومت بنانے میں کامیاب ہوئی تو میثاق جمہوریت کی خاطر نواز شریف کے نام سے منسوب مسلم لیگ نے اسے لاکارنا مناسب تصور نہیں کیا۔ آصف علی زرداری کو ٹی وی اینکروں کی اکثریت پسند نہیں کرتی تھی۔ موصوف نے افتخار چودھری کو چیف جسٹس کے منصب پر بحال کرنے میں بھی مزاحمت دکھائی۔ اس مزاحمت نے آصف علی زرداری کو آزاد عدلیہ کا دشمن دکھا کر پیش کرنے میں آسانیاں فراہم کر دیں۔ افتخار چودھری مگر بالآخر بحال ہو گئے اور پارلیمان میں جعلی ڈگریوں کی بدولت گھسے چور اور لٹیروں کو گھنے بالوں میں اکی جوؤں کی طرح چن چن کر نکالنے لگے۔ تمام ٹی وی پروگرام مگر افتخار چودھری کے کارناموں کو اجاگر کرنے کی نذر نہیں کئے جا سکتے تھے۔ ناظرین اکتانے لگے تو 2008 کا انتخاب ہارے لال حویلی سے ابھرے دانشور، ٹی وی اینکروں کو ون- آن-ون انٹرویو کے لئے میسر ہونے لگے۔ ٹی وی کو وقت دینے کے لئے مقبول اداکاروں والے نخرے دکھاتے۔ اس سے گفتگو کے ذریعے اپنے پروگراموں کی رونق لگانے والے ساتھیوں نے ایک لمحے کو بھی نہ سوچا کہ نام نہاد گیٹ نمبر 4 کے اس دائمی وفادار کو کس نے یہ اجازت دی ہے کہ وہ ٹی وی سکرینوں پر دندناتے ہوئے جنرلوں کو یہ طعنے دے کہ وہ ستو پی کر سو رہے ہیں جبکہ ملک لٹ رہا ہے۔ ٹی وی پر ایسی دہائی ڈیپ سٹیٹ کے سازشی ایوانوں کی تھپکی کے بغیر مچائی ہی نہیں جا سکتی۔ ہم سادہ لوح مگر اس پہلو پر توجہ نہیں دیتے۔ ٹی وی کے اوسط ناظر بازار میں اچانک مل جاتے تو مصر رہتے کہ راولپنڈی کی لال حویلی سے اٹھا منہ پھٹ ٹی وی پر گفتگو کے ذریعے ہم غریبوں کے دل کی بھڑاس نکال دیتا ہے۔



ان کی تائید کے علاوہ مجھے کوئی اور راہ دکھائی نہیں دیتی تھی۔ غریب کے دل کی بھڑاس نکالنے والا جس کے لئے جیل سسرال کا درجہ رکھتی تھی مگر عمران حکومت کے خاتمے کے بعد چلے پر چلا گیا۔ چلہ سے جو رہ نمائی حاصل کی اس کی بدولت 2024 کا انتخاب لڑا۔ امید تھی کہ لال حویلی کے فرزند کو شہر والے کھلے دل کے ساتھ آزاد حیثیت میں قومی اسمبلی کے لئے منتخب کر لیں گے۔ انگریزی میں ایک محاورہ تاہم خبردار کرتا ہے کہ آپ تمام عمر کے لئے تمام لوگوں کو بے وقوف نہیں بنا سکتے۔ دورِ



چیمپئینز ٹرافی؛ پاکستان سیمی فائنل میں کیسے پہنچ سکتا ہے؟

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کو ہوم گراؤنڈ پر چیمپئینز ٹرافی کے افتتاحی میچ میں نیوزی لینڈ نے یکطرفہ مقابلے کے بعد پاکستان کو 60 رنز سے شکست دیدی۔ گزشتہ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے نیوزی لینڈ کو پہلے کھیلنے کی دعوت دی اور کیویز نے ول ینگ اور رٹام لیتھم کی سنچریوں کی بدولت 320 رنز بنائے اور گرین شرٹس کو جیت کیلئے 321 رنز کا ہدف دیا۔ ہدف کے تعاقب سے ہی پاکستان کا آغاز تباہی مایوس کن رہا، بابر اعظم نے 90 گیندوں پر 64 اور خوشدل شاہ کے 69 رنز کے علاوہ کوئی پلیئر ففٹی اسکور نہ کرسکا اور یوں پاکستانی اننگز محض 47.2 اوورز میں 260 رنز بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ ہوم گراؤنڈ اور میگا ایونٹ کے پہلے میچ میں شکست کے بعد قومی ٹیم کے سیمی فائنل کھیلنے کی امیدوں کو بڑا دھچکا لگا ہے، پاکستان کو اگلا میچ میں روایتی حریف بھارت کیساتھ دبئی 23 فروری کو کھیلنا ہے اس میچ میں گرین شرٹس کو لازمی فتح درکار ہے۔ اگر قومی ٹیم کو شکست ہوئی تو وہ ایونٹ سے باہر ہوسکتے ہیں جبکہ پاکستان کو اگلے مرحلے تک رسائی حاصل کرنے کیلئے بنگلادیش اور بھارت کیخلاف میچز میں لازمی جیت درج کرنا ہوگی۔ دو جیتوں کے علاوہ، پاکستان کو نیٹ رن ریٹ پر بھی نظر رکھنی ہوگی کیونکہ ایسا امکان ہوسکتا ہے کہ 3 ٹیمیں 2، 2 جیت کے ساتھ گروپ کا اختتام کریں تو نیٹ ریٹ کی بنیاد پر فیصلہ ہو۔ اگلا میچ میں روایتی حریف بھارت کیساتھ دبئی 23 فروری کو کھیلنا ہے اس میچ میں گرین شرٹس کو لازمی فتح درکار۔ کیونکہ ایسا امکان ہوسکتا ہے کہ 3 ٹیمیں 2، 2 جیت کے ساتھ گروپ کا اختتام کریں

ٹاپ سیڈ آریانا سبالینکا ڈبلیوٹی اے دبئی اوپن ٹینس ویمنز سنگلز تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئیں

دبئی (زیڈ این این) بیلاروس کی نامور ٹینس سٹار، تین گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح اور ایونٹ کی ٹاپ سیڈ آریانا سبالینکا ڈبلیوٹی اے دبئی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں اپنی پیش قدمی کو برقرار رکھتے ہوئے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ 26 سالہ بیلاروسی ٹینس سٹار آریانا سبالینکا نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں روسی حریف کھلاڑی ویرونیکا ایڈورڈونا کدرمیٹووا کو شکست دے کر تیسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ متحدہ عرب امارات، دبئی کے اوپی ایشن کلب ٹینس سینٹر پر ڈبلیوٹی اے دبئی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے جاری ہیں جس میں شائقین ٹینس کو عمدہ مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ بدھ کو خواتین کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں بیلاروس کی نامور ٹینس سٹار، تین گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح اور ایونٹ کی ٹاپ سیڈ آریانا سبالینکا نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے۔ روسی حریف کھلاڑی ویرونیکا ایڈورڈونا کدرمیٹووا کو سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 6-4 سے ہرا کر نہ صرف ایونٹ سے باہر کر دیا بلکہ ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔

ہارس اینڈ کیٹل شو کی رعنائیاں، جیلانی پارک میں کبڈی کا فائنل پاکستان واپڈا نے جیت لیا

لاہور: (زیڈ این این) ہارس اینڈ کیٹل شو کی رعنائیاں، جیلانی پارک لاہور میں کبڈی اور شیر پنجاب دنگل مقابلے ہوئے، کبڈی کا فائنل پاکستان واپڈا نے جیت لیا۔ دیسی کشتی کی زور آزمائی سے شہریوں کی بڑی تعداد لطف اندوز ہوئی، ہارس اینڈ کیٹل شو کے سلسلے میں جیلانی پارک لاہور میں پی ایچ اے کے زیر اہتمام 2 روزہ کبڈی اور شیر پنجاب دنگل کا آخری روز ائیر فورس اور واپڈا کے درمیان کھیلا جانے والا کبڈی کا فائنل پاکستان واپڈا نے 13 پوائنٹس سے جیت لیا۔ پاکستان ایئر فورس نے دوسری جبکہ پاک آرمی نے تیسری پوزیشن حاصل کی، شیر پنجاب دنگل میں دیسی کشتی کے بھی شاندار مقابلے ہوئے، 6 بڑے مقابلوں کے ساتھ ساتھ 25 دیگر مقابلوں میں ماما پہلوان، اعظم خان اور حسن علی پہلوان سمیت دیگر نامور پہلوانوں نے خوب داؤ پیچ آزمائے۔ ڈھول کی تھاپ نے سماں باندھے رکھا، شائقین کی دلچسپی عروج پر رہی، صدر دیسی کشتی لاہور ایسوسی ایشن مہر محمد اکرم عرف کالا پہلوان کا کہنا تھا کشتی جسمانی و ذہنی مشقت وتندرستی کا نام ہے، وسائل میسر ہوں تو اس کھیل کو بلندیوں کی جانب لے جائیں۔ مقابلوں سے لطف اندوز ہونے شہریوں کی کثیر تعداد جیلانی پارک میں موجود تھی۔

چیمپئینز ٹرافی: دبئی کے میچز کیلئے 50 ہزار درہم کے ٹکٹوں کا نیا پیکیج متعارف

چاروں ٹکٹس وی آئی پی سوئٹ کے ہیں، انمول ٹکٹ پیکیج سے بھارت کے 3 میچز اور ایک سیمی فائنل دیکھنے کا موقع ملیگا، یہ انمول پیکیج بھی آن لائن خریدا جاسکتا ہے





دبئی: (ویب ڈیسک) دبئی میں ہونے والے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے میچز میں شائقین کی دلچسپی کے لیے ٹکٹس کی نئی کیٹیگری متعارف کرادی گئی۔ 50 ہزار درہم والا پیکیج متعارف کرایا گیا ہے جس میں 4 میچز دبئی سٹیڈیم میں دیکھے جاسکیں گے، لگ بھگ 38 لاکھ پاکستانی روپے میں 4 ٹکٹس ملیں گے؛ چاروں ٹکٹس وی آئی پی سوئٹ کے ہیں، انمول ٹکٹ پیکیج سے بھارت کے 3 میچز اور ایک سیمی فائنل دیکھنے کا موقع ملیگا، یہ انمول پیکیج بھی آن لائن خریدا جا سکتا ہے۔ ایک آن لائن کسٹمر زیادہ سے زیادہ 4 انمول ٹکٹس خرید سکتا ہے، 4 انمول ٹکٹس خریدنے کے لیے 2 لاکھ درہم خرچ کرنا ہوں گے، 4 انمول ٹکٹس کی قیمت ایک کروڑ 52 لاکھ پاکستانی روپے بنتی ہے۔ چاروں ٹکٹس وی آئی پی سوئٹ کے ہیں، انمول ٹکٹ پیکیج سے بھارت کے 3 میچز اور ایک سیمی فائنل دیکھنے کا موقع ملیگا، یہ انمول پیکیج بھی آن لائن خریدا جا سکتا ہے۔ ایک آن لائن کسٹمر زیادہ سے زیادہ 4 انمول ٹکٹس خرید سکتا ہے، 4 انمول ٹکٹس خریدنے کے لیے 2 لاکھ درہم خرچ کرنا ہوں گے، 4 انمول ٹکٹس کی قیمت ایک کروڑ 52 لاکھ پاکستانی روپے بنتی ہے۔

چیمپئینز ٹرافی؛ فخر زمان بھارت کیخلاف میچ سے باہر؟ تین نام سامنے آگئے

اوپنر فخر زمان کی انجری کے باعث بھارت کیخلاف میچ میں تجربہ کار امام الحق پلیئنگ الیون میں شامل ہونے کے مضبوط دعویدار ہیں

لاہور (زیڈ این این) بھارت کیخلاف میچ سے قبل پاکستان کو بڑا دھچکا لگنے کا قوی امکان پیدا ہوگیا۔ گزشتہ روز نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں قومی ٹیم کے جارح مزاج اوپنر فخر زمان فیلڈنگ کے دوران باؤنڈری لائن زخمی ہوگئے تھے جس کے باعث انہیں میدان سے کچھ دیر کیلئے باہر ہونا پڑا تھا۔ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق فخر زمان کو پٹھوں میں موچ آئی ہے تاہم رپورٹس کا انتظار کیا جارہا ہے، جس کے بعد اوپنر کی جگہ کسی دوسرے کرکٹر کو اسکواڈ کا حصہ بنایا جاسکتا ہے۔ پی سی بی نے تصدیق کی ہے کہ اوپنر فخر زمان انجری کے باعث بھارت کیخلاف میچ کیلئے ٹیم کے ہمراہ دبئی نہیں جائیں گے۔ اوپنر فخر زمان کی انجری کے باعث بھارت کیخلاف میچ میں تجربہ کار امام الحق پلیئنگ الیون میں شامل ہونے کے مضبوط دعویدار ہیں۔ ادھر سلیکٹرز فخر زمان کی انجری کے بعد اوپنر عبداللہ شفیق اور نوجوان محمد ہریرہ کے ناموں پر بھی غور کررہے ہیں۔

نیوزی لینڈ سے میچ کیوں ہارے؟ شعیب اختر نے بتادیا

ہمارے بیٹرز بہت سلو کھیلے جسکا نقصان ہمیں ہار کی صورت میں اٹھانا پڑا، راولپنڈی ایکسپریس

راولپنڈی (زیڈ این این) قومی ٹیم کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے نیوزی لینڈ کیخلاف پاکستان کی ہار پر لب کشائی کردی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جاری کردہ ویڈیو میں راولپنڈی ایکسپریس شعیب اختر نے گرین شرٹس کو مشورہ دیا کہ پاکستانی ٹیم کو جارحانہ کھیل کھیلنے کی ضرورت ہے، دنیا جس انداز میں کھیلتی ہے، ہم اس سے بہت دور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان 6 رنز اوور کی اوسط سے بھی بالنگ کرواتا تو میچ جیت سکتا تھا لیکن ہمارے بیٹرز بہت سلو کھیلے جسکا نقصان ہمیں ہار کی صورت میں اٹھانا پڑا۔ شعیب اختر نے شکست کے باوجود پاکستان کیلئے بھارت کیخلاف میچ کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں انڈیا کو شکست دینی ہے تو جارحانہ کھیل پیش کرنا ہوگا، وہ ٹورنامنٹ کی فیورٹ ٹیموں میں سے ایک ہیں۔

گرین شرٹس نمایاں کارکردگی کی صلاحیت رکھتے ہیں، کرکٹر حیدر علی

ہمارے پاس کھلاڑیوں کا باصلاحیت سکواڈ ہے جو ٹیم کو چیمپئنز ٹرافی میں فتح سے ہمکنار کرسکتا ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) کرکٹر حیدر علی نے کہا ہے کہ وہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں قومی ٹیم کی شاندار کارکردگی کے لئے پرامید ہیں، قومی کھلاڑی ٹورنامنٹ میں نمایاں کارکردگی کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس کھلاڑیوں کا باصلاحیت سکواڈ ہے جو ٹیم کو چیمپئنز ٹرافی میں فتح سے ہمکنار کرسکتا ہے، پاکستان ٹیم ٹورنامنٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، امید ہے کہ ہماری ٹیم میگا ایونٹ میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔ ستمبر 2019 میں فرسٹ کلاس ڈیبیو کرنے والے حیدر علی نے کہا کہ پاکستان ٹیم چیمپئنز ٹرافی میں ٹاپ پر جانے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے۔ حیدر علی جو بنگلہ دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) کے دوران زخمی ہو گئے تھے اور 2025 میں بی پی ایل کوالیفائر 2 سے باہر ہوگئے تھے، نے کہا کہ وہ ڈیڑھ ہفتے میں صحت یاب ہونے کی توقع رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی فٹنس پر سخت محنت کررہا ہوں اور اس سال پاکستان سپر لیگ میں واپسی کی امید کرتا ہوں۔

انڈین پریمیئر لیگ کا 14 واں ایڈیشن آج سے بھارت میں شروع ہوگا

رائل چیلنجرز بنگلور اور ممبئی انڈینز کے درمیان ویمنز پریمیئر لیگ کا ساتواں میچ جمعہ کو کھیلا جائے گا

نئی دہلی (زیڈ این این) بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) کے زیر اہتمام ویمنز پریمیئر لیگ (ڈبلیو پی ایل) کا تیسرا ایڈیشن بھارت میں شروع ہو چکا ہے، جس میں شائقین کرکٹ کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ ویمنز پریمیئر لیگ میں جعرات کو ایک دن آرام کے بعد 21 فروری بروز جمعہ کو مزید ایک میچ کھیلا جائے گا جس میں دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرز بنگلور اور ممبئی انڈینز کی خواتین ٹیمیں ایم چناسوامی سٹیڈیم، بنگلورو کے مقام پر آمنے سامنے ہوں گی۔ دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرز بنگلورو ویمنز ٹیم کو سمرتی مندھانا لیڈ کریں گی جبکہ ممبئی انڈینز کی ویمنز ٹیم کی قیادت ہرمن پریت کور کریں گی۔ ویمنز پریمیئر لیگ میں 5 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں نظر آئیں گی۔ رائل چیلنجرز بنگلور کی ویمنز ٹیم لیگ میں ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔

آل بلوچستان سندھ میر سمیع جان نوشیروانی کرکٹ ٹورنامنٹ 2025 خاران اختتام پذیر

خاران (زیڈ این این) آل بلوچستان سندھ میر سمیع جان نوشیروانی کرکٹ ٹورنامنٹ 2025 خاران اختتام پذیر ہوگیا۔ کرکٹ ٹورنامنٹ میں شہید حاجی رحمت اللہ زہری کرکٹ کلب سوراب نے مون اسٹار کرکٹ کلب خاران کو شکست دے کر فائنل میچ جیت کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا، جبکہ شاندار فائنل میچ کے مہمان خصوصی سابق ضلعی ناظم خاران میر شوکت بلوچ میونسپل کمیٹی کے کونسلر وضلعی صدر پاکستان مسلم لیگ ن حاجی غلام سرور بلوچ تھے جنہوں نے ونر اور رنر ٹیموں میں ٹرافی ونقد انعامات اور دیگر آفیشلز میں شیلڈ تقسیم کیں شاندار فائنل میچ میں شائقین کرکٹ کی بڑی تعداد موجود تھی



الاباما میں نیویل ایرینا میں آرکنساس ریزربیکس کے خلاف پہلے ہاف میں ٹائم آؤٹ کے دوران پرفارم کررہی ہیں



کیلیفورنیا: گیلن سینٹر میں پہلے ہاف کے دوران مشی گن اسٹیٹ اسپارٹنز کے فاول کے بعد ہنس رہے ہیں



یورپ تعمیر نو سے متعلق شام پر پابندیوں کو معطل کرنے کا خواہش مند

پابندیوں کی نرمی میں شام کی تعمیر نو اور مالیاتی لین دین کے شعبے شامل ہیں، رپورٹ

برسلز (این این آئی) ایک مسودے کے اعلان سے ظاہر ہوا ہے کہ یورپی یونین توانائی، نقل وحمل اور تعمیر نو کے شعبوں سے متعلق شام پر عائد پابندیوں کو معطل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ توقع ہے کہ یورپی یونین کے ممالک کے وزرائے خارجہ 24 فروری کو برسلز میں ہونے والے میں اجلاس میں شام کے معاملے پر بات کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یورپی یونین شام کے خلاف توانائی، نقل وحمل اور تعمیر نو کے شعبوں میں پابندیوں میں نرمی کا اعلان کرے گی۔ یورپی یونین کے ممالک کے نمائندوں نے شام پر عائد پابندیوں میں نرمی کے منصوبے کی منظوری دی ہے۔ پابندیوں کی نرمی میں شام کی تعمیر نو سے متعلق توانائی، نقل وحمل اور مالیاتی لین دین کے شعبے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یورپی پابندیوں کو معطل کرنے کا معاہدہ شام پر عبوری راستے کے وعدوں کا احترام کرنے سے مشروط ہے۔

امریکہ نے فلسطینی اتھارٹی کے لیے فنڈز کا اجرا روک دیا

یو ایس ایڈ کا ادارہ بھی بند کرنے کے اقدامت جاری ہیں، غیر ملکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کی ٹرمپ انتظامیہ کے فلسطینی اتھارٹی کے حوالے سے نئے اقدام کو واشنگٹن پوسٹ نے رپورٹ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ دنیا بھر کے لیے امدادی پروگرام کا دامن سمیٹنے کی پالیسی کے تحت فلسطینی اتھارٹی کے لیے فنڈز روک دیئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکہ کے نئے صدر امریکی معیشت پر لادے گئے بوجھ امریکہ کے معاشی مستقبل کے لیے خطرناک خیال کرتے ہیں۔ اس سبب صدر ٹرمپ نیٹو رکن ممالک کو معاشی دفاعی بوجھ اٹھانے کے خلاف واضح مقف لے کر آئے ہیں۔ یوکرین کی امداد بھی اسی سبب خطرے میں ہے اور یو ایس ایڈ کا ادارہ بھی بند کرنے کے اقدامت جاری ہیں۔ لیکن اہم بات ہے کہ فلسطینی اتھارٹی پوری طرح امریکی معیارات پر پوری اترنے کی کوشش میں ہے اور اس نے اسی ماہ کے دوران امریکہ اور اسرائیل کی فرمائش پر اسرائیلی فوج کے ہاتھوں شہید، زخمی، یتیم ہونے والے بچوں اور بیوہ ہونے والی فلسطینی خواتین کے لیے اتھارٹی کی طرف سے امداد روکنے کا اعلان کیا ہے۔



اس تصویر میں شمالی غزہ کے جبالیہ کیمپ میں فلسطینی خوراک کے لیے قطار میں موجود ہیں (اے ایف پی)

سعودی کابینہ نے زمینی ٹرانسپورٹ نظام کو جدید تر اور پائیدار بنانے کے لیے منظوری دے دی



ریاض (این این آئی) سعودی کابینہ نے مملکت میں ٹرانسپورٹ کے نظام کو جدید تر بنانے کے لیے سڑکوں کے مربوط جال بچھانے کے لیے ایک جامع منصوبے کی منظوری دی ہے۔ جس میں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹرانسپورٹ کے سعودی نظام کو پہلے سے بھی زیادہ فعال، مستعد اور تیز رفتار بنایا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس سلسلے میں سعودی کابینہ کے اجلاس کی صدارت ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے کی اور ٹرانسپورٹ سسٹم کو فعال بنانے کے لیے اقدامات کیے۔ مملکت کا نیا لینڈ ٹرانسپورٹ سسٹم اور انفراسٹرکچر دنیا کے جدید رجحانات کے مطابق ہوگا۔ تاکہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت مکمل جدت کے ساتھ پیش کی جاسکے۔

نئی کتاب میں چارلس اور ڈیانا کی شادی کے خاتمے کے کچھ راز افشا

لندن (این این آئی) شہزادہ چارلس اور آنجہانی شہزادی ڈیانا کی زندگیاں ان کی علیحدگی کو کئی سال گزر جانے کے باوجود اب بھی پراسراریت میں ڈوبی ہوئی ہیں۔ پھر ایک خوفناک کار حادثے میں شہزادی ڈیانا کی موت نے دنیا کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ اب کچھ ایسے نئے راز سامنے آئے ہیں جو ان دونوں کی شادی کے خاتمے کی اصل وجہ منکشف کررہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہی مصنف نام کوئن کی ایک نئی کتاب جس کا عنوان Yes, Ma'am: The Secret Lives of Royal Servents ہے اگلے ماہ شائع ہورہی ہے۔ اس کتاب کے مطابق بالمورل پیلس کے ایک کارکن نے جوڑے کی شادی کے کچھ راز افشا کیے ہیں۔ یہ بتایا گیا ہے کہ 1981 میں چارلس اور ڈیانا کی شادی کے فوراً بعد سکاٹش محل میں قیام کے دوران دونوں کے درمیان حالات بگڑنا شروع ہوگئے تھے۔ شاہی نوکروں میں سے ایک نے بتایا کہ بالمورل پیلس ایک ایسی جگہ تھی جسے شہزادی ڈیانا نے ترجیح نہیں دی تھی کیونکہ وہ روایتی دیہی سرگرمیوں سے بور ہوچکی تھی۔ یہ زندگی اس محل کا حصہ تھی۔ ڈیانا کو دیہی کھیلوں کا شوق نہیں تھا حالانکہ وہ ایسے ماحول میں پلی بڑھی تھی جہاں وہ شکار کو پسند کرتی تھیں۔ یہ بات شہزادہ چارلس کے لیے صدمہ تھی اور وہ خود لومڑی کے شکار کے مداح تھے۔ شاہی روایت کے مطابق شہزادہ چارلس شکار کرنے کے بعد شکار کی گئی لومڑی یا ہرن کے خون کو اپنے جسم پر لگاتے تھے۔ اس روایت کا ڈیانا نے کوئی جواب نہیں دیا تھا۔ اس کی وجہ سے ان کے درمیان شروع سے ہی نمایاں تناؤ پیدا ہوگیا۔ ان کی شخصیت میں واضح فرق کی وجہ سے میاں بیوی کے درمیان تناؤ جاری رہا۔ پرنس چارلس کو خطوط پڑھنے، ڈرائنگ کرنے اور لکھنے میں مزہ آتا تھا تو ڈیانا سماجی میل جول اور گفتگو کی طرف مائل تھیں۔ ایک بار چارلس محل کی بالکونی میں پینٹنگ کررہے تھے اور اسی دوران تھوڑی دیر کے لیے وہاں سے چلے گئے۔

امریکا میں پھر طیارہ حادثہ، 2 افراد ہلاک : چھوٹے جہاز ٹکرا گئے، دونوں میں دو دو افراد سوار تھے، دیگر زخمی



واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی ریاست ایریزونا میں ایئر پورٹ پر فضا میں 2 چھوٹے طیارے ٹکرا گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اس حادثے میں 2 افراد ہلاک ہوگئے، دونوں چھوٹے طیارے ایک انجن پر مشتمل تھے۔ دونوں جہازوں میں دو دو افراد سوار تھے، زخمیوں کی حالت کے بارے میں اطلاعات سامنے نہیں آئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مرنے والوں کی شناخت فوری طور پر سامنے نہیں آئی ہے جبکہ حادثے کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

امریکا سے بیدخل پاکستانیوں سمیت 300 محصور تارکین وطن کی دنیا سے اپیل

پاناماسٹی (این این آئی) امریکا سے بیدخل کیے گئے پاکستانیوں سمیت 300 محصور افراد نے دنیا سے مدد کی اپیل کردی۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق امریکا کی جانب سے ملک بدر کیے گئے 300 پاکستانیوں سمیت دیگر افراد کو پاناما کے ایک ہوٹل میں رکھا گیا ہے۔ ساحل سمندر کے کنارے واقع ہوٹل کو امریکا سے بے دخل کیے جانے والے افراد کو رکھنے کے لیے عارضی طور پر ڈیٹینشن سینٹر میں تبدیل کیا گیا ہے۔ تارکین وطن کی غیر ملکی میڈیا اور سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیوز میں خواتین اور مردوں کو ہوٹل کے کمروں کی کھڑکیوں سے 'ہماری مدد کریں' اور 'ہم اپنے ملک میں محفوظ نہیں' جیسے پیغامات پلے کارڈز پر لکھ کر لہراتے ہوئے دیکھا گیا۔ امریکا سے ملک بدر کیے جانے والے 300 تارکین وطن کا تعلق پاکستان، بھارت، افغانستان، چین، ایران اور دیگر ممالک سے ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ ان تارکین وطن کو اس وقت تک وطن واپس جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی جب تک بین الاقوامی حکام ان کی واپسی کا بندوبست نہیں کرتے۔ امریکی صدر کی حیثیت سے حلف اٹھانے کے بعد ڈونلڈ ٹرمپ نے جنوبی امریکی سرحد پر قومی ایمرجنسی اور لاکھوں تارکین وطن کو ملک بدر کرنے کا اعلان کیا تھا۔ پاناما کے صدر ہوزے رال ملینو نے ٹرمپ انتظامیہ کو امریکا سے بے دخل کیے گئے تارکین وطن کو عارضی طور پر اپنے ملک میں روکنے کی پیشکش کی تھی۔



واشنگٹن ڈی سی میں وائٹ ہاؤس کے اوول آفس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ بات کررہے ہیں (روئٹرز)



کھینچی گئی اس تصویر میں اسرائیل اور حماس کے درمیان فائر بندی معاہدے کے بعد غزہ کے بے گھر افراد اپنے آبائی علاقوں کی جانب لوٹ رہے ہیں (اے ایف پی)

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

منتخب نمائندوں کو شہر کی بہتری کیلئے اقدامات شروع کر دینے چاہئیں: نواز جٹھول

قسم کی طاقت سے مسائل کے حل کیلئے اقدامات کا موقع لمتا ہے: بشارت محمود کے گفتگو



نارنگ منڈی (میاں منظور سے) معروف سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری نواز جٹھول کی مقامی صحافی شاہد محمود بٹ سے ملاقات صحافتی امور سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے چوہدری نواز جٹھول کا کہنا تھا کہ منتخب نمائندوں کو شہری تعمیر وترقی کیلئے عملی اقدامات شروع کر دینے چاہئیں شہر میں جاری سیوریج کا بحران اہل علاقہ کیلئے بہت سے مشکلات پیدا کر رہا ہے بھالی کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں نارنگ منڈی کی عوام نمائندوں کی خدمت کیلئے منتظر کرتے ہیں صحافی برادری کا کام مسائل کی نشاندہی کرنا ہوتا ہے نارنگ منڈی میں ان کا کردار لائق تحسین ہے قلم اصل میں عوام کی طاقت ہے صحافی اور کسی علاقے کے مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کیلئے راہ ہموار ہوتی ہے مگر بدقسمتی یہ ہے کہ سرکاری محکمے صحافیوں کو اپنا دشمن سمجھتے ہیں اور درست عوامی مسائل کی نشاندہی کو ہی منفی نظر انداز کر دیتے ہیں جو کہ سراسر غلط ہے۔

جامعہ عربیہ کے زیر اہتمام تکمیل قرآن کانفرنس کا انعقاد

20 کے قریب بچوں کی دستار بندی کی گئی اور تحائف دیئے گئے

نارنگ منڈی (میاں منظور سے) جامعہ عربیہ کے زیر اہتمام تکمیل قرآن کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں ممتاز قاری صاحبزادہ حافظ عبدالسمیع، قاری محمد طیب قریشی کی خصوصی شرکت کی۔ مفتی اکرام کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں بچوں کی دستار بندی کی گئی اور حفاظ کرام کی خدمت میں شیلڈز پیش کی گئیں اور علاقہ بھر سے سیاسی وسماجی اور مذہبی شخصیات نے شرکت فرمائی۔ کانفرنس سے ایسے نومبارک موقع پر قاری بلال عرفی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا دین ہمیں قرآن کریم سیکھنے کی تاکید کرتا ہے ہمارے والدین بچوں کو حفظ قرآن کریم کی سعادت سے بہرہ ور کرتے ہیں ہمارے معاشرے کے ہر فرد کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوئے اپنے بچوں کو قرآن کریم کی تعلیم سے آراستہ کرنا چاہیے۔ قاری محمد عبدالرحمان نے کہا کہ قرآن کریم کی تعلیم کے لیے ہمیں اپنے بچوں کو وقت دینا ہوگا۔ ہمارے بچے موبائل کے بجائے قرآن کریم کو اپنا مشغلہ بنائیں

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعۃ المبارک 21 فروری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

اشتہار انتشارات ٹیک یقینی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ جات 1

ٹی بی ہے کہ ہیرم کو فروغ قرار دے کر صدر کو آئریکل 200 کی حتمی ایک تحت جو جائے کے ساتھ ہی ایک ایجنڈ کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کی ذمہ داری ہے کہ وہ ضلع کے تمام انتظامی افسران کے ساتھ مل کر ٹی بی کے خلاف ایک مہم چلائیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے کہا کہ ہم آئریکل 200 کی حتمی ایک کے خلاف ہ

سرکاری اداروں کی نجکاری عوام کا معاشی قتل عام ہے، ضیاء الدین انصاری

میو ہسپتال انتظامیہ کی نااہلی و غفلت، آرتھوپیڈک وارڈ کی لفٹ گر گئی

تعلیمی اداروں، ریلوے، پی آئی اے اور دیگر اداروں کی نجکاری قابل قبول نہیں، حکمران سرکاری اداروں میں کرپشن ختم کرنے کے بجائے نجکاری کے ادارے تباہ کر رہے ہیں

نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان اپنی نجکاری کانفرنس سے شمس الرحمٰن سواتی، ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، چودھری حبیب الرحمٰن، طیب اعجاز سواتی سمیت دیگر رہنماؤں کا خطاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے زیر اہتمام ہمدرد منصور میں اپنی نجکاری کانفرنس زیر صدارت شمس الرحمٰن سواتی منعقد ہوئی۔ جس میں جنرل صدر نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، چودھری محمود الحسن بگھیڑی جنرل ایرن ایل الف چودھری حبیب الرحمٰن، صدر ریلوے پریم یونین فیڈریشن گل نواز سواتی، صدر ایرن ایل ایف ایٹ لاہور پاکستان شیخ محمد انور، صدر شمالی پنجاب ایرن ایل ایف عاشق نشاط خان، صدر وسطی پنجاب ایرن ایل ایف محمد امین عہدیداران نے شرکت کی۔ کانفرنس میں حکومت کی مبینہ، سرکاری اداروں کی نجکاری کے خلاف ایک جامع پلان پیش کیا گیا۔ جدید جدوجہد کا عزم کیا۔ حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف بھرپور انداز میں احتجاجی تحریک کے عزم کیا گیا۔ کانفرنس میں متفقہ طور پر قرارداد منظور کی گئی۔ کیا فیصلہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)



لاہور: نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے زیر اہتمام ہمدرد منصور میں اپنی نجکاری کانفرنس زیر صدارت شمس الرحمٰن سواتی، نائب صدر نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور چودھری حبیب الرحمٰن کر رہے ہیں

لوئر کرم میں سیکیورٹی فورسز کا گرینڈ آپریشن، 8 دہشتگرد ڈھیر

پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے ایسے دہشت گردوں کی تلاش بھی شروع کر دی ہے، جن کے سر کی قیمت خیبر پختونخوا حکومت نے مقرر کی تھی

مطلوب دہشت گردوں کی گرفتاری کے لیے ضلع کرم اور منگو کے سرحدی پہاڑی علاقوں میں بھی سرچ آپریشن تیز کر دیا گیا، آر پی او کرم 14 دہشتگردوں کے سروں کی قیمتیں مقرر کرنے کا اعلان

کرم (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع کرم ایجنسی کے علاقے لوئر کرم میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کا دہشت گردوں کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن

کرم (این این آئی) ایف سی اور ڈسٹرکٹ پولیس کرم کی مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 8 دہشت گرد ہلاک کر دیئے گئے۔ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کر لیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کرم ایجنسی کے علاقے لوئر کرم میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے دوران 18 دہشت گردوں اور 2 سہولت کاروں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کرم ایجنسی کے علاقے لوئر کرم میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف آپریشن شروع کیا تو ہوئے کے سر کی قیمت خیبر پختونخوا حکومت نے مقرر کی تھی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرینی صدر کو مزاحیہ اداکار قرار دے دیا

امریکا نے اس جنگ میں یورپ سے دوسو ارب ڈالر زیادہ خرچ کیے ہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرینی صدر کو مزاحیہ اداکار قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ یوکرین جنگ شروع ہی نہیں ہونی چاہیے تھی۔ یہ اسی جنگ ہے جو وہ امریکا اور ٹرمپ کے بغیر شروع ہوئی تھی۔ ٹرمپ نے کہا کہ یوکرین کے صدر ایک مزاحیہ اداکار تھے، یہ ایک کامیڈین تھے جنہیں اپنے شعبے میں بھی حد سے کامیابی حاصل ہوئی تھی، کچھ انہوں نے امریکا کو دلوائی ہے، ایک جنگ میں سازگے جس سے اوباما کو ہٹلر کہا